Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم!!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

مجھے_عشق_تیرا_لے_ڈوبا

از_یُسریٰ_شاہ

.. ٹھنڈی بارش ، گرجتے ہوئے بادل، آندھی ، طوفان

اس بے آوارا موسم اور رات کے گہنے اندھیروں میں وہ بے ترتیب قدم اٹھاتے ہوئے گم سم روڈ پر چلتے جا رہی تھی ...سب لوگ اپنی بھاگ دوڑ میں لگے ہوئے تھے..سب اپنے گھروں کو لوٹ رہے تھے...

اسنے رک کر یوں ہی بے مقصد آس پاس کی دکانوں کو دیکھا جن پہ اب شٹرس چڑھ چکے تھے...

کھلا میدان ، بھیگتی ہوئی سڑک ، جب آسمان میں بجلی چمکتی تو وہ بھیگی سڑک اس کی چمک خود مین لیئے دکھا دیتی ...پیڑوں کے بارش میں بھیگے پتے زوروں شور سے ھلتے ہوئے اپنی موجودگی کا احساس دلا رہے تھے ...اب اس کی شیشے سے چمکتی سرمئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انکھین جن میں نمی اور سرخی اسکے رونے کی گواہی دے رہی تھیں ادھر ادھر خوف سے گھومنے لگیں مانو کسی کی تلاش کر رہی ہوں، پھر اچانک اسکے کانوں مین گولی کی آواز گونجی)وہی گولی کی آواز جو ہر رات اسکے کانوں مین گونجتی رہتی ، جو اسکو سونے نہیں دیتی ، جو اسکو پھر سے ماضی میں لے جاتی (..اسنے خوف سے اپنی بڑی بڑی سرخی مائل آنکھوں پہ اپنی بڑی سی نم ہوئی پلکین گرا دیں اور دو سیکنڈس کے اندر کھول دی

کیوںکہ آفرین بار بار وہ منظر نہیں دیکھ سکتی تھی جب اسکی زندگی اس سے ہمیشہ کے لیئے دور چلی گئی تھی!!

آفرین کا پتلا سا ، 5 فٹ کا وجود دھڑام سے زمین پہ گرا ..وہ گھٹنوں کے بل بیٹھی ..ٹپ ٹپ آنسو بہانے لگی

بارش اسکی آنکھوں سے بھی بہنے لگی اور ایسی کہ تھمنے کا نام نہیں لے رہی تھی ..

آنسون اسکے گورے چہرے کو بھگو رہے تھے ..اسکے گلابی لب جو کہ اب رو رو کے لال ھوگئے تھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..اسکی خوبصورت چھوٹی سی ناک لال پڑ گئی تھی

اسکے ڈارک براون گہنے بال لٹوں کی مانند کچھ آگے تو کچھ اسکے سفید گلابی چہرے پہ جھول رہے

تھے..

اب آفرین بالون کو نوچے چلا رھی تھی

کیون چلے گئے تم مجھے تنہا کرکے ؟ کیسے دلاؤں تمارے مجرم کو سزا ؟ کہان ڈھونڈوں "

"""""..... تمہیں....دیکھو تمہارے بعد میرا کیا حال ہے

وہ روتے ہوئے اپنی مرحوم محبت کو آوازیں دینے لگی

اب وہ ٹہرکے آہستہ سے روتے ہوئے بولی

"..تمہارے بنا کیسے لڑوں یہ جنگ؟؟"

اب وہ گھٹنوں مین سر دیئے روتے روتے بڑ بڑانے لگی ..بیچوں بیچ اس سنسان سڑک میں آدہی رات مین کوں دیکھتا اسکو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن نہیں ..ایک وجود کی نظر اسکی ہر ایک ادا و حرکت دیکھ چکی تہی

سڑک کے بیچ شارٹ گھٹنون سے اوپر آتی، ہالف سلیوز نیوی بلیو کمیض اور لائیٹ بلیو جینز مین اس لڑکی کا وجود اسکو غصہ دلا گیا ..وہ ضبط کرتا گیا

...حویلی مین رونکیں اپنی عروج پر تھیں

..بڑی سی حویل اپنی پوری چمک دھمک میں نہلائی ہوئی تھی

آج میر حسن شعیب کے بڑے صاحبزادے میر طارق حسن کی منگنی تھی ..شادی اسکی پسند کی لڑکی عزمہ خالد)میر حسن کے دوست کی بیٹی (سے ہو رہی تھی وہ دونوں ایک شادی میں ملے تھے اور میر طارق کو وہ کھل کھلاتی لڑکی بہت پسند آئی اسنے اپنی اماں)زرمینہ (سے زکر کیا تو ان کو بھی وہ لڑکی اچھی لگی اور جان پہچان کی تھی تو انہون نے فورا رشتے کی بات چلائی خالد صاحب نے بھی ہامی بھرلی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میر حسن جو کہ میر تھے ابا و اجداد کی کافی زمینیں تھیں ..شادی کے بعد میر حسن کے دو بیٹے ہوئے بڑا طارق چھوٹا فیضان اور ایک بیٹی نادیہ سب سے چھوٹی ...نام سب کے میر شعیب نے رکھے دونوں پوتے ان کی آنکھ کا تارا تھے طارق 8 سال کے تھے جب دادا چل بسے ہارٹ اٹیک کے باعث اور ٹھیک دو سال بعد دادی بھی دنیا کو علودع کہ کر چلیں اپنے شوہر کے دکھ میں....

طارق بہت سمجدار اور کم گو تھے برعکس فیضان کے..

فیضان بہت شرارتی رہا تھا

حسن صاحب نے دونون بیٹون کو لندن بھیج دیا پڑھائی کرنے کے لیئے ..اور نادیہ کو اسکی خواہش کے مطابق پاکستان مین ہی انٹر کرائی اسکو پڑاھی سے زیادہ ٹی وی اور ناولز کا شوق رہا تھا

آٹوہیں کے بعد دونون بیٹون کو لندن بھیج دیا گیا ...طارق اول پوزیشن لیا کرتا اور فیضان اللہ اللہ کرکے بس پاس ہو جاتا ..انٹر کے بعد اس سے پڑھا نہ گیا اور واپس

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پاکستان آگیا ..میر حسن نے بہت غصہ کیا مگر وہ کہاں کسی کی سنتا ..ضد اسکی طبیعت کا حصہ بن چکا تھا

اور پاکستان مین ہی اگے باپ کے پیسوں پر پڑہنے لگا ..اور طارق لندن کی اعلی یونیورسٹی مین بزنس پڑہ رہا تھا..

اور فیضان تھا کہ دن بہ دن بگڑ رہا تھا اور گھر میں طارق کی تعریفیں اور اپنے اوپر ملامتیں سن کر جلتا رہتا .. حسن صاحب نے آدھی زمینیں طارق اور آدھی زمینیں فیضان کے نام کردی تھیں ..اور جب وہ زمینیں سمبھالنے کے بجائے ان کو بیچ کر ایاشیون پر اتر آیا اور جب حسن صاحب کو اس بات کا علم ہوا تو انہوں نے وہ زمینیں بھی طارق کے نام کردی اور صرف چند زمینیں اس کے نام ہی رہنے دی..

جب طارق لندن سے واپس آیا اور جاب کرنے کا فیصلا پاکستان میں ہی کیا ..سب اسکے ہی گن گاتے رہتے اور ایسے ہی اسکو اپنے بھائی سے نفرت ہونے لگی ..اور بھائیون کی آپس میں کم ہی لگتی تھی ..نادیہ کی انٹر کے بعد شادی کروادی گئی اسد شاہد سے وہ انکے دور کا رشتے دار تھا اور نادیہ نے بھی باپ کی مرضی کا احترام کیا اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسد کو اپنے باپ کی زمینیں تھی اور اپنی جاب بھی ، وہ شاہد صاحب کی اکلوتی اولاد تھا اور نادیہ کے لیئے اچھا شوہر ثابت ہوا تھا ..اور وہ دونوں اب دبئ مین رہا کرتے اسد کی جاب کی وجہ سے_____

.

.

.

آپی تم ابھی تک تیار ہو رہی ہو اور باہر تمھارے دلہا صاحب تمہارا انتظار کر رہے ہیں...."

غزل اسکو برات کا بتانے آئی تھی اور عظمہ کو یوں آئینے کے سامنے کھڑا دیکھ کر بولی

منگنی کا فنکشن خالد صاحب کے لان میں رکھا گیا تھا

"""" دیکھو ٹھیک لگ رہی ہوں غزل ؟"

عظمہ اُس کے سامنے کھڑے ہوکر پوچھنے لگی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پرپل گولڈن پیروں تک آتا فراک ماتھا پٹی اور گلوبند ہار پہنے وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی

غزل اسکا جائزہ لیتے ہوئے بولی

"...بالکل چاند کا ٹکڑا لگ رہی ہو جیجا جی کا خیر ہو اب بس"

وہ شرارات سے بولی

"...ہر وقت بیتوقی ہانکتے رہنا تم بس"

عظمہ چڑ کر بولی

اچھا نا اب چلو سب نیچے انتظار کر رہے ہیں اور رکو اتنا ہلکہ میک اپ کیا ہوا ہے آپی "

"...میں تھوڑا ڈارک کر دیتی ہوں

غزل میک اپ باکس لیئے بولی

جب صفیہ بیگم انکے کمرے میں آئی تو کہا

".....لڑکیون ابھی تک تم لوگوں کی تیاری ختم نہیں ہوئی"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"..... چلو نیچے سب انتظار کر رہے ہیں

"...ہاں امی پانچ منٹ اتے ہیں"

غزل نے کہا اور عزمہ کی گلوز کو ڈارک پنک مین تبدیل کیا

صفیہ بیگم اپنی بڑی بیٹی کی آنکھوں ہی آنکھوں میں نظر اتارتی اور دعائیں دیتی چلی گئیں

غزل عزمہ کو لیکر سٹیج پر پھولون سے سجے صوفے پر جہاں طارق بیٹھا ہوا زرمینہ بیگم سے بات کر رہا تھا بٹھائے چلی گئ

اور عزمہ اسکو نیٹ کے گھونگٹ سے گور کر رہ گئ

"....ماشااللہ میری بہو تو چاند کا ٹکڑا ہے"

زرمینہ بیگم نے اسکی نظر اتاری

"....بیٹا مین سب کو بلا کے آتی ہوں رسم شروع کرتے ہیں"

وہ گئین اور میر فیضان تھا کہ کہیں نظر ہی نہیں آرہا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب عزمہ گبھرانے لگی کیونکہ وہ پہلی دفع طارق کے سامنے بیٹھی تھی اور پھلی دفع اسکو دیکھ رہی تھی

شادی وہ اپنے ابا کی مرضی سے کر رہی تھی

انگوٹھی کی رسم ہوگئی تو سب نے ایک دوسرے کو مبارکباد دی اور ہلا گلا اور ڈانس میں مشغول ہو گئے اور وہ دونون خاموشی سے سب دیکھ رہے تھے

طارق کے چہرے سے خوشی واضع تھی

اہمم عزمہ مبارک ہو "....طارق نے خاموشی توڑی"

ج ج جی "....اسنے گبھراتے جواب دیا جس کو طارق نے نوٹ کر لیا تھا""

"....آپ شاید نروس ہورہی ہیں"

اسنے مسکراتے ہوئے اسے نیٹ کے گھونگٹ سے دیکھتے ہوے کہا

وہ چونکی اور اپنی بڑی سیاہ آنکھون سے سامنے بیٹھے شخص کو دیکھا جو پل مین اسکی گبراہٹ محسوس کر چکا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دراز قد، کسرتی جسم، بھوری آنکھین عنابی لب اور براؤن بال اوپر کیئے ہوئے

وائٹ کرتے پر براؤن واسکٹ اور تاؤ دیتی موچھین اسکی وجاہت بہری پرسنالٹی کو چار چاند لگا رہی تھیں

-عزمہ دو سیکنڈس مین اسکا جائیزہ لیتے ہوئے بولی

"..... نھیں بس پہلی بار اس طرح آپکے سامنے بیٹھی ہوں تو اسلیئے"

وہ آنکھیں نیچے کرتی ہوئی آہستہ سے بولی

میر طارق کو اسکی حیا سے جھکی ہوئی آنکھین پاگل کر گئیں

سمجھ سکتا ہون ...پر آپ ایک بات بتایئے کہ آپ ہمارے رشتے سے خوش "

"..... ہیں؟

اسنے جاننا چاہا

میرے مان باپ نے یہ رشتہ میرے لیئے بہتر سمجھا ..وہ خوش اور مطمئن ہیں _اور "

"..... مجھے انکے انتخاب پر پورا بھروسا ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عزمہ پہلے تو اسکی بیباکی پر چونکی کہ کیسے اسنے جھٹ سے ایسا سوال پوچھا پھر نارمل ہوتے ہوئے جواب دیا

طارق لندن میں رہ کر آیا تھا اسلیئے بیباک تھا کچہ بھی کھنے یا کرنے سے ہچکچاتا نہیں تھا کونفیڈنس اور سچائی اسکی پرسنالٹی کا ہمیشہ حصہ رہا تھا

اور اب طارق کو اپنی پسند پر فخر ہوا..وہ فخریا انداز میں مسکرا کر اس سامنے بیٹھی لڑکی کو دیکھ رہا تھا جس نے اسکے دل پر اپنی معصومیت سے راج کر لیا تھا

وہ ابھی کچھ بولنے والا ہی تھا کہ غزل آگئ

"....واہ بھئی یہاں تو گپ شپ بھی شروع ہوگئ ہے"

غزل نے ان دونون کو بات کرتے دیکھا تو انکو چھیڑنے کے غرض سے اسٹیج پر آتی ہوئی بولی

عزمہ نے جہان اسکو گھورا وہی طارق بولا

".....جی ہاں سالی صاحبہ اب تو ہم ان پر حق رکھتے ہیں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"....آئے ہائے رومیو جی ..نکاح تو ہونے دیں"

غزل عزمہ کے ساتھ بیٹھتے ہوے بولی

"....وہ بھی ہوجائیگا بس کچھ دنون میں'

طارق نے عزمہ کو دیکھتے کہا تو وہ لال پڑ گئی شرم سے

.....ویسے آپی تم تو بڑی شرمیلی بنتی تھی"

".....اب موقع دکھتے ہوئے شروع ہی ہوگئی ہاں؟

غزل نے عزمہ کو کہنی مارتے شرارت سے کہا

تو طارق نے قہقہ مارتے کہا

نہیں اب یہ الزام ہے میری منگیتر پر ..یہ واقعی بہت شرمیلی ہیں ...آپ پہ نہیں "

".....گئی شاید

طارق نے عزمہ کا خفگی بھرا چہرا نوٹ کر کے اسکو مزید تنگ کرنا چاہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عزمہ نے طارق اور غزل کو ہنستے ہوئے دیکھا دونون کی بڑہتی دوستی دیکھ کر اب بول پڑی

"....غزل بدتمیزی مت کرو میں امی کو بتاؤن گی'

طارق کو اسکی بچون کی طرح بات کرنے پر ہنسی آگئی تو وہ اسکو غصے سے دیکھنے لگی

اور طارق نے اسکو حیرانگی سے دیکہا جو وہ سمجھ نہیں پائی

اور گردن جھکا

میں نے کہا، خراب ہوں گردش چشم مست سے۔۔

اس نے کہار قص کر سارا جہاں خراب ہے۔۔❤

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

غزل جو کے ادھر اُدھر ٹھل رہی تھی اور مھمانوں میں کھانا بانٹ رہی تھی اُس کے ہاتھ میں سالن کے باؤل تھے اور وہ کسی سے ٹکرائی اور سامنے والے کے کپڑے سالن کی وجہ سے خراب ہو گئے

"یہ کیا کیا تم نے؟؟....."""

فیضان غصہ ہوتے ہوئے بولا

"سوری وہ میں نے دیکھا نہیں....."""

"اب سوری سے کیا ہونا ہے....."""

فیضان تپ چکا تھا

"کہانہ سوری اور آپ آیئے واشروم تک آپ وہاں واش کر لیں....."""

غزل غصہ ہوتے ہوئے بولی اور فیضان بھی اس کے پیچھے چل دیا اب اس کے پاس کوئی چارا بھی نہیں تھا

"ٹاول؟....."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بالکل آپکے لیفٹ میں...."""

غزل نے جواب دیا

وہ کپڑے پھونچتے ہوئے باہر نکلا اور بولا "شکریہ"

"کوئی بات نہیں....."""

وہ اب چلتے چلتے لان میں آ گئے تو غزل نے پوچھا

"آپ دلہاوالوں کی طرف سے ہیں؟....."""

وہ دونوں پہلی بار ملے تھے کیوں کہ جہاں اکسر طارق ہوتا وہاں فیضان ناجایا کرتا

"میں طارق کا بھائی ہوں فیضان اور آپ؟....."""

اس کے منہ پہ خفگی تھی جو غزل نہیں سمجھ پائی

"میں غزل، عظمہ کی بہن....."""

وہ اب جانے لگی تو فیضان نے پیچھے سے اسکو آواز لگائی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سنیئے کھانا مل سکتا ہے؟ بہت دیر سے بھوک پر ہوں....."""

"جی ہاں آپ بیٹھیں میں ابھی لائی....."""

غزل یہ کہہ کر چلی گئی اور فیضان اپنی سوچوں میں غائب تھا جب اسکو غزل آتی دکھائی دی دونوں ھاتھوں میں پلیٹس لیئے تو وہ ہوش میں آیا

"تھینک یو....."""

فیضان بولا

"ویلکم..."""

غزل بولتی ہوئی پھر مھمانوں مین مصروف ہو گئی

اور فیضان کے دماغ میں کچھ چلنے لگا_____

.

.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

منگنی ختم ہونے کے بَعد عظمہ اسی حلیئے میں اپنی ماں کے پاس بھاگتی ہوئی کچن میں آئی جو کہ ملازمہ کے ساتھ مل کر برتن دھلوا رہیں تھیں

"اماں اماں کچھ کھلا دیں بہت زوروں کی بھوک لگ رہی ہے ایسا لگ رہا ہے چوہے پیٹ میں دوڑ رہے ہوں....."

وہ ادھر ادھر کھانا تلاش کرنے لگی

"ایک تو تم ہر وقت بھوک کی ستائی ہوئی ہوتی ہو....."""

صفیہ بیگم اپنی بیٹی کو گھوری نوازتی ہوئی بولیں اور کھانے کے کچھ ڈشز اس کے سامنے رکھ دیئے

اب وہ وہیں کچن میں بیٹھی کرسی کھینچ کر کھانے کے ساتھ بھرپور انصاف کرنے لگی

'اماں لینڈ لائن پہ جیجا جی کی کال آرہی ہے....."""

غزل کچن میں آکر شرارت سے بولی

عظمہ کے کھانا کھاتے ہاتھ رک گئے اور اب وہ وہاں سے بھاگنے کی کرنے لگی

"امی میں سونے جارہی ہوں نیند آرہی ہے بہت....."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ارے رک طارق سے بات کرتی جا....."

صفیہ بیگم نے اسکو روکا

"اماں نہیں پلیز....."""

وہ روتی شکل بناتی بولا

"ارے میں ان کو بول کر آئی ہوں کہ تم کچن میں ٹھوس رہی ہو اب بات نہیں کرو گی تو وہ کیا سوچیں گے....."""

غزل تو پہلے ہی بندوبست کر کے آئی تھی

"اماں دیکھا اسکو یہ دن بادن بدتمیز ہوتی جا رہی ہے....."""

عظمہ تو بے بسی سے رونے کو تھی

"کمبخت کر لے تھوڑی دیر بات کیا چلا جائیگا تمہارا ویسے بھی کوئی غیر نہیں ہے منگیتر ہے تیرا اور دو دنوں میں تیرا نکاح ہے اس کے ساتھ....."""

صفیہ بیگم ڈانتی ہوئی بولیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب عظمہ کے پاس کوئی چارا نہیں بچہ یہ دیکھ کر عظمہ منہ پھلائے بات کرنے چلی گئی

'اسلام و علیکم.....""""

وہ فون اٹھائے دھیرے سے بولی

"وعلیکم سلام.... کھانا کھالیا اپنے؟....."""

بھاری بھر کم آواز اسکی سماعتوں سے ٹکرائی

اسکو اپنی بہن پر غصہ آگیا جو نا جانے کیا کیا بول کر آئی تھی

"جی....."""

وہ اتنا ہی بولی

"آپ سے بات کرنے کو دِل چاہ رہا تھا آپکو برا تو نہیں لگا میرا یوں فون کرنا....."""

طارق نے جاننا چاہا

"ابھی ابھی بیس منٹ پہلے ہی تو آپ یہاں سے ہو کر گئے تھے... اور اب فون بھی کر ڈَلا....."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکو برا تو لگا تھا اسلیئے انڈار یکٹلی استفسار کر لیا

"مطلب آپکو برا لگا؟.....""""

وہ ہسنے لگا

"ہنس کیوں رہیں ہیں آپ؟؟؟؟....."""

وہ اسکی بات کو اگنور کرتی بولی

"یوں ہی....."""

اس نے مسکراتے کہا

عظمہ کو منگنی والی بات یاد آئی جب اس نے غزل سے اماں کو شکایت لگانے کو کہا اور طارق ہنس پڑا تھا اور تب بھی اس نے کندھے اچکا کر اسکو کچھ نہیں بتایا تھا اور اب بھی وہ ایسا ہی کر رہا تھا

طارق کو اسکی معصومیت اچھی لگی تھی اور اسکو اسکی معصومیت سے بات کرنے پر ہنسی آئی.. یہ بھی اِس بات کا اظہار تھا کہ اسکو اسکی باتیں اچھی لگ رہی تھیں

"شاید آپکو بلاوجہ ہسنے کی عادت ہے....."""

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے نروٹھے پن سے کہا

"جب میرے پاس آپ آئینگی تب آپکو میرے ہنسنے کی وجہ بھی پتہ لگ جائیگی....."""""

وہ اسکی بات سن کر شرم سے لال پڑھ گئی

'میں سونے جارہی ہوں مجھے نیند آرہی ہے....."""

وہ جلدی سے بولی

وہ پھِر ہنسا اور کہا

"اوکے گڈ نائٹ اپنا خیال رکھیئے گا....."""

عظمہ نے جھٹ سے فون رکھ دیا

"عجیب آدمی ہے بلاوجہ ہنستا ہے....."""

وہ بڑبڑاتی اوپر اپنے کمرے میں سونے گئی

"کیا بات ہوئی بتاؤ جلدی اور ایک ایک لفظ بتانا...."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

غزل نے جیسے ہی اسکو آتے دیکھا اس کے پاس اُچک کہ گئی

"تمہیں کیوں بتائوں؟؟؟....."""""

وہ بیڈ پر لیٹتے ہوے بولی

"آئے ہائے ایسی بھی کیا باتیں ہوئی ہیں جو محترمہ بتا بھی نہیں رہیں؟؟....."""""

غزل دوسری سائڈ پر لیٹے کہنی تکیئے پر ٹکاتی بولی

"تم مجھ سے بات ہی مت کرو... کیا ضرورت تھی تمہیں ان کے سامنے الٹی سلٹی ہانکنے کی...."""""

عظمہ کمبل اوڑتے ہوے بولی

"یہی تو دن ہین آپی کہ میں اپنی آپی کو جی بھر کے تنگ کروں....."""

وہ اس کے گرد اپنی بانہیں ہائل کرتے پیار سے بولی

"اب زیادہ مکھن نالگاؤ تم، بچہ کے رکھو اپنے "ان" کے لیئے....."""

عظمہ بھی چھیڑتے ہوے اسکو بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپی....!!!

وہ برا مان گئی

"ہاہا کیا؟ سہی تو کہہ رہی ہوں مجھے تو چلے جانا ہے کچھ دنوں میں اِس گھر سے پھر یہ مکھن تم اپنے اگلے گھر کے لیئے بچاؤ....."""

عظمہ شرارات سے بولی اور وہی اسکی بہن غزل افسردہ ہوئی اسکی رخصتی کی بات سن کر اور بولی

"آپی میں تمہیں بہت یاد کرونگی اور شادی کے بَعد آتی رہنا یہاں، بدَل نا جانا...."""""

"جی اور حکم میری بہنا....."""

عزمہ نے پیار سے کہا

وہ دونون ہنس دین، دونون بھنون مین بہت پیار تھا ایک دوسرے سے ہر بات شئیر کیا کرتی تھیں ❤

ہونے چلے ہین اپنے محبوب کے ہم

دل دے دیا ھے اب تو صرف "تم" ہیں ہم

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

برسون کے انتظار کے بعد آہی گیا ملن کا دن

ہو جاو ہوں کہ لوگ تشویش مین پڑ جائین کہ

کون تم اور کون ہم ❤

.

.

دیکھتے دیکھتے نکاح کا دن بھی آ گیا اب نکاح ہو چکا تھا اور اب دونوں کو ساتھ سٹیج پر بٹھایا گیا وہ سہاگ کے لال جوڑے میں حسین لگ رہی تھی اور طارق گولڈن شیر وانی اور لال پگڑی میں بہت جچ رہا تھا

غزل کھڑی اپنی سہیلیون سے خوش گپون میں مصروف تھی اسنے آج کے دن کے لیئے گھیرے سبز جوڑے کا انتخاب کیا تھا جس پر گولڈن کام نفاسات سے کیا گیا تھا اور وہ رنگ اس پر کھلا کھلا لگ رہا تھا

فیضان جو کہ اپنی دھن میں اندر آیا تھا اس خوبصورت پری پر نظر پڑھتے ہی اسکو دیکھنے لگا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسنے آج برائون شلوار قمیض زیب تن کیا ہوا تھا جو اس پر کافی جچ رہا تھا وہ ڈریسنگ کے معاملے میں ہمیشہ سے ہی کونشیئس (concious) رہا تھا

جب غزل کو خود پر فیضان کی نظریں محسوس ہوئی تو وہ اسکی طرف بڑھ گئی

"کیا گھور رہے ہو مسٹر؟....."""

وہ کمر پہ دونوں ہاتھ رکھے لڑاکا انداز میں بولی

"آپکو گھور رہا تھا....."""

وہ اسکو دیکھتے مسکراتے بولا

"نیچے کرو اپنی نظریں....."""

وہ تڑخ کر بولی

"ناکی تو؟....."""

مسکرا کر پوچھا گیا

"تو تو تو... تو تم اپنی آنکھیں ضرور گنوا بیٹھو گے....."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سوچتے ہوے جھٹ سے بولی

فیضان نے اسکا ہاتھ پکڑا اور ایک سنسان کونے میں لے گیا

جہاں کوئی نہیں تھا یہ خالد صاحب کے لان کا پیچھے والا حصہ تھا اور بہت ہی سنسان ہوا کرتا جہاں سوکھی گھاس اور سوکھے ہوئے دو درختوں کے علاوہ کچھ نا ہوتا

"یہ کیا کر رہے ہو تم اور مجھے یہاں کیوں لائے دماغ ٹھیک ہے تمہارا؟....."

وہ کب سے اپنا ہاتھ اسکی مضبوط گرفت سے چھڑانے کی ناکام کوشش کر رہی تھی

"لو نکال لو آنکھیں بندہ حاضر ہے....."

وہ اسکو درخت سے لگاتے ہوئے اس کے سامنے چہرہ کر کے بولا

"کتنے گھٹیا ہو تم....."

وہ حیران ہوئی

"کسی کو پسند کرنا گھٹیا پن ہے؟....."

وہ سنجیدہ ہوا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"چھوڑو میرا ہاتھ اور ہٹو پیچھے....."

وہ اسکو پیچھے ہٹانے لگی پر وہ ٹس سے مس نا ہوا

"یہ ہاتھ میں چھوڑنے والا تو نہیں مگر ہاں بہت جلدی تھامنے والا ضرور ہوں....."

وہ اس کا ہاتھ اپنی آنکھوں کے سامنے کیئے بول رہا تھا

"مجھے دَرد ہو رہا ہے فیضان....."

وہ کراہی کیوں کہ کانچ کی چوڑیاں جو کے کچھ ٹوٹ چکی تھیں اسکو بری طرح چُبھ رہی تھی

فیضان نے اسکے ہاتھ کو جھٹ سے دیکھا جہاں چوڑیاں چبنے سے ہلکا ہلکا خون رس رہا تھا

"سوری سوری غزل وہ میں.....میں تمہیں تکلیف نہیں

دینا چاہتا تھا....."

غزل نے گرفت ہلکی محسوس کرتے ہوئے ہاتھ چھڑایا اور دوسرے ہاتھ سے پکڑ کر خون بند

کرنے کی کوشش کی

"رکو یہ لو....."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اسکو اپنا رمال دیتا ہوا بولا

غزل جھٹ سے اس کے ہاتھ سے رومال لے کر خون صاف کرنے لگی

"اندر چلو میرے ساتھ....."

وہ پریشانی سے اسکو دیکھتا ہوا بولا

"مجھے تمہارے ساتھ کہیں نہیں جانا....."

وہ آنکھوں میں آنسوں لیتی اسکو دیکھ کے بولی

اور فیضان نے پھر وہ ہی عمل دہراتے ہوئے اسکا ہاتھ پکڑ کر پیچھے کے دروازے سے ہی اندر لے کر لاؤنج میں صوفے پر بٹھایا اور اب ادھر اُدھر کچھ تلاش کرنے لگا

اسکو ٹیوب مل ہی گیا اور پریشان چہرے کے ساتھ غزل کے ہاتھ پر آرام سے لگانے لگا

غزل کوئی چوں چاں کیئے بغیر اس سے ٹیوب لگوا رہی تھی

اسکو فیضان کی اپنے لیئے پرواہ کرنا اچھا لگا تھا

"اب بیٹر فیل ہو رہا ہے؟....."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فیضان بولا

"ہاں تھینک یو.....""""

وہ جانے لگی

"سوری..." فیضان شرمندہ ہو کر کہنے لگا

"اٹس اوکے..." وہ بنا مڑے کہہ کر چلی گئی

زخم دے کر دوا لگا رہے ہو

دل رجھا کر ہوا لگا رہے ہو

واہ ستمگر تیری ادا بھی نرالی

پہلے دل میں بسے اب بیحیائی کا الزام لگا رہے ہو 💔

.....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب فیملی فوٹو شوٹ کے بَعْد رخصتی کا ٹائم تھا

عظمہ سب سے رخصت ہو کر اپنے گھر کو چلی گئی

رسموں کے بَعْد اسکو طارق اور اسکے بیڈ روم میں بٹھایا گیا

اب وہ طارق کا ہی انتظار کر رہی تھی

طارق کمرے میں داخل ہوا اور دروازہ بند کرنے لگا

عزمہ کا دِل بری طرح دھڑکا

وہ چلتا ہوا بیڈ پر اس کے سامنے بیٹھ گیا

اور اسکو اپنی نظروں میں سمانے لگا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور وہ اپنا شرارا مٹھیوں میں زور سے جکڑے سَر جھکائے بیٹھی رہی

طارق نے اسکی گھبراہٹ محسوس کی تو بولا

"اپنے کچھ کھایا پیا ہے؟....."""

عظمی نے بس سر ہلایا

طارق نے اسکے ہاتھ اپنے ھاتھوں میں لیئے اور سہلا کہ کہنے لگا

"عظمہ آج میں بہت خوش ہوں کہ جس سے میں نے محبت کی اسکو میں عزت سے اپنی بیوی بنا کر اپنے نام کر چکا ہوں پہلے میں نے صرف آپکو پسند کیا پھر آپکی حیا دیکھ کر آپ سے محبت کرنے لگا اور اللہ گواہ ہے میرے دِل میں آپکے لیئے جو بھی جذبات ہیں وہ سچے اور نیک ہیں....."""

وہ اسکی آنکھون مین دیکھتا بول رہا تھا اور وہ اسکی گہری بھوری آنکھوں میں ڈوبتی جا رہی تھی

"آپ سے وعدہ کرتا ہوں جب تک زندہ ہوں آپکے ساتھ رہونگا، آپکو ہر وہ خوشی دونگا جس کی آپ حقدار ہیں آپکو بیویوں والی عزت دونگا اور ہمیشہ آپکے ساتھ سچا رہوں گا....."""

اور اسکو دیکھ کر آنکھوں میں محبت لیئے بول رہا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپکو آج کے دن کیا چاہیئے ویسے تو ساری زندگی آپکی ہر جائز خواہش پوری کرونگا پر ایک روایت ہے کہتے ہیں آج کے دن بیویاں جو خواہش کریں وہ شوہر کو پوری کرنی ہوتی ہیں تو چلیں بتاہی دین آپ....."""

طارق محبت سے بولا

"مجھے جو جو چاہیئے تھا ان سب کا آپنے تو پہلے ہی وعدہ کر لیا ہے ایک عورت کے لیئے اِس سے بڑھ کر کیا چیز ہو سکتی ہے کے اسکا شوہر اسکو عزت پیار محبت دے اسکے ساتھ سچا رہے.....

اور میں بھی آپ کے ساتھ وعدہ کرتی ہوں ہمیشہ ایک وفادار بیوی بن کر رہونگی اور آپکو وہ ہی عزت و محبت دونگی جس کے آپ حقدار ہیں اور ہمیشہ بس آپکی ہی بن کے رہونگی....."""""

عظمی نے مسکراتے ہوئے اس سے کہا

وہ بھی مسکرایا اور اسکے گال پہ اپنے ہاتھ کی پشت پھیرتا ہوا بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مجھے آپ پر پورا یقین ہے اور یہ آپ کے لیئے چھوٹا سا پہلا تحفہ میری طرف سے اِس سے کبھی اپنے سے جدا نا کرنا یہ میری نشانی ہے یہ اور یہ آپ کو اور ہر کسی کو یاد دلاتا رہے گا کہ آپ میر طارق حسن کی بیوی ہیں....."

طارق نے جیب سے ایک سونے کا خوبصورت پینڈنٹ نکالا جس پر چھوٹا سا دِل بنا ہوا تھا ایک طرف ٹی اور دوسری طرف یو لکھا ہوا تھا

اب طارق اسکے پیچھے بیٹھ کر اسکو لاکٹ پہنانے لگا

"تھینکس طارق....."""

طارق نے لاکٹ پہنا لیا تو عظمی نے کہا

اور اسی طرح ایک خوبصورت رات گزر گئی اور دو روحون کو آپس مین جوڑ گئی....اب انکی نئ زندگی کا آغاز ہونے چلا تھا جس مین کئ خوبصورت رنگون کے ساتھ بہت سارے امتہان بھی تھے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں نگاہ مین منزل تو جستجو ہی سہی

نہیں وصال میسر تو آرزو ہی سہی 💔

.

.

گرمی کا موسم تھا یہ ایک تپتا ہوا دن تھا اور سورج نے اِس دوپہر کے وقت کو اپنی چمک میں لپٹ رکھا تھا سورج نے اپنی کرنوں سے زمین پہ چمکتی ہوئی روشنی پھیلا رکھی تھی... اور یہی سورج کی روشنی اس کے کمرے میں چھن چھن کرتی اس کے پردوں سے آنے لگی اور کمرے میں ہلکی ہلکی روشنی آنے لگی اور یہ روشنی اس کو تنگ کر رہی تھی کیوں کہ اسکو اب اندھیرے پسند تھے اور اب سورج نے اسکی کوشش کو ناکام بنایا ہوا تھا...

وہ جو گھپت اندھیرا کیئے ہوئے بیڈ پہ چت لیٹا سگریٹ پی رہا تھا اور سنجیدگی سے بے مقصد چھت کو تک رہا تھا جہاں پنکھا فل سپیڈ میں چل رہا تھا پر پھر بھی اِس گرمی کا مقابلہ نا کر سکا تھا اور اس کے پسینے سے شاروبار ہوتے بدن سے پسینا سکھانے میں ناکام رہا...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے چہرے سے اُس کے احساسات نمایاں تھے پر چہرے پر کوئی ایک احساس نہیں کئی سارے احساسات نے ڈیرا جمایا ہوا تھا

بے بسی، ناکامی، ہار، دکھ، غصہ، اور انتقام کی آگ جو کئی سالوں سے اس کے دِل میں جل رہی تھی اور وہ اسکو بُجھا نہیں پا رہا تھا.... اسی آگ نے اسکی زندگی اندھیر کر رکھی ہوئی تھی

اسکی بھوری آنکھیں سرخی مائل ہوئی رکھی تھی اور اسکی بیخوابی کی گواہ بنی ہوئی تھی اسکے، عنابی گلابی سے لب، بڑھی ہوئی شیو، مغرور کھڑی ہوئی ناک، گورے گال جو اب شدید گرمی کی وجہ سے لال پڑھ رہے تھے اور اسکے بڑھے ہوئے سنھیرے بال جو بالکل باپ پہ گئے تھے اور اسکی گرین اور بلیک چیک پہ شرٹ جس کے سارے بٹنس کھلے جس میں سے اسکی سفید بنیان دکھائی دے رہی تھی وہ اپنے سنگل بیڈ پہ لیٹا تھا

عیش ٹرے بہت سی راکھ اور سگریٹ کے چھوٹے ٹکڑوں سے بھر چکی تھی.... وہ سگریٹ بہت پیتا تھا اور پریشانی میں تو کافی زیادہ.... اسکا خستہ حال چھوٹا سا اندھیرے میں ڈوبا کمرا جس پر پردوں سے بس تھوڑی ہی روشنی آ رہی تھی، جس میں بس ایک سنگل دراز والی الماری جس میں سامان پورا نا آنے کی وجہ سے اوپر بیگ رکھا ہوا تھا، ایک ٹوٹا ہوا لکڑی کا ڈریسنگ ٹیبل بیڈ کے سائڈ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں چھوٹا سا ٹیبل جس پر اسکا فون اور بائیک کی چابیاں رکھی ہوئی تھی، ایک صوفہ جو کی بڑی کھڑکی کے سامنے رکھا ہوا تھا اور اسکی بہت ساری چیزیں اُدھر ادھر بکھری ہوئی تھی وہ بہت کیئر لیس تھا کوئی چیز جگہ پہ نہ رکھتا....

وہ اپنی دُنیا میں غائب خود کو من ہی من گالیاں دیتا رہا جب ایک سادہ سی عورت اسکے کمرے میں داخل ہوئی... سادہ سا لون کا پرانا جوڑا چہرے پہ محنت و مشقت کے آثار نمایاں تھے، وہ اسکی ماں تھی اسکی زندگی اسکی امید اسکی سب کچھ...

جس نے باپ کے مرنے کے بَعد کئی مشکلات کا سامنہ کیا تھا، سلائی اور ٹیوشنس پڑھا کر گھر چلایا کرتی اپنے بیٹے کو تعلیم مکمل کرائی اور اسکی ہر خواہش پوری کیا کرتی جس بھی حَال میں پر پوری کرتی.....

"کیا ہوا میرے بچے ایسے کیوں پریشان سے خود کو بند کر کے بیٹھے ہو سب ٹھیک تو ہے نا؟؟....."

انہوں نے اندر آ کے اپنے جگر کے ٹکڑے کو اس اندھیرے کمرے میں پریشان بیٹھا دیکھا تو فکر مندی سے بیڈ پر بیٹھ کر بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان نے ان کو دیکھا تو جلدی سے اٹھ کر سگریٹ عیش ٹرے میں مسلی اور اپنے بکھرے بالوں پہ ہاتھ پھیرا جو کے بکھرے ہوئے اس کے ماتھے پر گرے ہوئے تھے

وہ کہنیاں گھٹنون پر ٹکائے ھاتھوں مین سر گرا کر بولا

"آج بھی وہ ہی نا کمی میرے پلے پڑی پھر وہ ہی بے بسی، نہیں ملی آج بھی کوئی جاب....."

اس کی پشت اپنی ماں کی طرف تھی

"یہاں آؤ میرے بچے..." انہوں نے پیچھے سے اُس کے کندھون پر ہاتھ رکھ کر کہا اور وہ بنا کچھ بولے انکے پاس آکر گود میں سر رکھ کر آنکھیں میچ گیا اپنی ماں کے پاس اسکو سکون ملتا تھا.....

"تم نا امید کیوں ہو رہے ہو بیٹا اللہ کوشش کرنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے اور مجھے معلوم ہے تم اپنے تن من سے کوشش کر رہے ہو اور میری دعا ہے کہ تمہیں کامیابی ملے گی بہت جلد---

اللہ محنت کرنے والو کو کبھی بھی مایوس نہیں کرتا بس یہ تمہارا امتحان ہے صبر کر لو صبر سے کام لو اِس صبر کے امتحان میں تم کامیاب ہو گئے تو یقین جانو تمہیں کبھی اِس طرح تڑپنا نہیں پڑھے گا...مایوسی کفر ہے میرے بچے...."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب اسکی ماں اسکو ھمیشہ کی طرح صبر کا سبق پڑھا رہیں تھیں جو کہ ازلان کو کم ہی سمجھ مین آتا

" ھممم....."

اسنے اتنا ہی کہا اور اپنی ماں کے ہاتھ آنکھوں پہ رکھے وہ نہیں چاہتا تھا اسکی ماں اسکی آنکھوں سے اسکی پریشانی پڑھ لے اور وہ خود بھی پریشان ھو جائے پہلے ہی زندگی نے اس کو اتنا سکھ نہیں دیا تھا اور وہ ان کو مزید پریشان نہیں دیکھنا چاہتا تھا

"کھانا تیار ہے؟ بہت بھوک لگی ہوئی ہے....."

وہ اپنی ماں کی گود سے اٹھتے ہوئے بولا

"ہاں تم فریش ہو کر آؤ میں لگاتی ہوں کھانا...."

اور ازلان اٹھ کر الماری کی طرف بڑھا اور اپنی ماں سے پوچھا

"آپنے کھانا کھایا؟؟....."

جانتا تھا اسکی ماں نے اس کے بغیر کھانا نہیں کھایا ہو گا

"بیٹا تمھارے ہی انتظار میں تھی تم باہر آؤ میں کھانا نکالتی ہوں....."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سر ہلا کر واشروم میں گھس گیا

وہ اب اسکا بکھرا ہوا کمرا سیٹنے لگی جہاں کوئی بھی چیز ترتیب سے نہیں پڑی ہوئی تھی

کہیں پہ کتابیں کہیں پہ اسکی شرٹس زمین پہ اس کے جوتے ادھر اُدھر پڑے ہوے تھے گٹار جو کے بیڈ پہ پڑا ہوا تھا اور تاریں پھر سے ٹوٹی ہوئی تھی وہ سمجھ گئی کہ پھر سے انکے بیٹے نے تارین جوڑنے کی ناکام کوشش کی ہو گی

اسکو میوزک سے بہت لگاؤ تھا اور انہوں نے ہی اسکو پیسے جوڑ توڑ کے گٹار لے کے دیا تھا اور اب اسکی تارین جڑوانے تک کے پیسے نا تھے وہ افسوس سے گٹار کو دیکھ کر ایک کونے میں رکھ کر کمرے کے دروازے کی طرف بڑھنے لگی تو انکا پیر کسی چیز سے ٹکرایا انہوں نے نیچے دیکھا اسکی بیٹ پڑی ہوئی تھی وہ ٹھرا کرکٹ کا بھی دیوانہ اپنے مرحوم باپ اور بھائی کی طرح اور اپنے بھائی کی بیٹ اپنے پاس رکھی ہوئی تھی

'ایک تو یہ لڑکا کوئی چیز اپنی جگہ پہ نہیں رکھتا بے ترتیب انسان....."

وہ بیٹ سائڈ پر رکھتی بڑبڑاتی چلی گئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انکا چھوٹا سا گھر تھا چھوٹا سہن اور دو کمرے، سہن کے لیفٹ میں ایک چھوٹا سا کچن اور سہن میں ایک ٹیبل اور تین کرسیاں رکھی ہوئی تھی انہوں نے کھانا لگایا اور ازلان اپنے کمرے سے باہر آیا اور ان دونوں نے مل کر کھانا

کھایا

.

تیرے سوا تیرا اس جہان میں ہے ہی کون

اے انسان،،،،

.... جس سے تو امیدیں لگا رہا ہے

کیون خود کو لوگوں کے دھوکوں سے چھنی کر رہا ہے

تیرا صرف خدا ہے اسکی بتائی رہا اختیار کر

کیون خود کو خالک سے جدا کر کے گنھگار کر رہا ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نادان ھے تو بھی!! تجھ کو سمجھا رہا ہوں اور تو اسکو شاعری سمجھ رہا ہے

؟؟

.

"امی بھائی کو بولیں مجھے اپنا بیگ واپس کریں مجھے یونیورسٹی کے لیئے دیر ہو رہی ہے....."

آفریں نے روتی ہوئی شکل بنا کر غزل کو شکایت لگائی جو کہ ناشتہ بنانے میں مصروف تھی

"تم دونوں کو تو اللہ پوچھے گا جب دیکھو لڑائی جھگڑا کرتے رہتے ہو.. اور پھر آ کر میرا سر کھپاتے ہو... تم دونوں کی لڑائی ہے خود ہی جانو تم لوگ....."

غزل ان دونوں کی روز کی حرکتوں سے تنگ ہو کر بولی اور ناشتہ لے کر کچن سے باہر نکل گئی

"امی آپکو ذرا سا بھی ترس نہیں آتا مجھ غریب پر کب سے فہیم بھائی کی پیچھے بھاگ رہی ہوں ٹانگوں میں ہی دَرد ہو گیا ہے اُف....."

وہ غزل کے ساتھ ڈائینگ ٹیبل پر بیٹھی اور وہ روتی ہوئی شکل بنا کر گھٹنوں کو دبانے لگی اور امائون کی ایکٹنگ کرنے لگی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"چُپ کر آفی مار کھائیگی تو مجھ سے ایک دن، سدھر جا چھوڑ دے اب اپنا بچپنا....."

غزل آفریں کا کان کھینچتی ہوئی بولی

"چوڑ دین اِس بندریا کو امی نازک ہے بہت.. ایسا نا ہو دو منٹ کے بعد دیکھیں تو اس کا کان آپکے ہاتھ میں ہو....."

فہیم آفریں کا لیڈیز بیگ اپنے کندھوں پر لا ٹکائے غزل کی پلیٹ سے اومیلیٹ منہ مین لیتا ہوا بولا

"اب اتنی بھی نازک نہیں میں بھائی جتنا آپ مجھے سمجھتے ہیں اور دیں اب مجھے میرا بیگ....."

وہ اس کے کندھے سے بیگ اتارنے کی کوشش کرنے لگی

"چھوڑو بندریا....پڑھ کر کیا کرو گی ویسے بھی شادی کے بعد برتن ہی تو مانجنے ہیں تمہیں....."

وہ بیگ مضبوطی سے تھامے مسنوئی غصے سے آفرین کو تنگ کرتے بولا

"ابھی مجھ میں تو دیر ہے بھائی پہلے آپکی شادی ہونی ہے اور مین برتن تو مانجنے والی نہیں لیکن ہاں آپکی بیوی سے منجوانے والی ضرور ہوں....."

آفریں فہیم کو غصے سے بات کرتا دیکھ کر تڑخ کر بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"دیکھتا ہوں میں بھی کیسے منجواتی ہو برتن وہ بھی میر فہیم حسن کی بیوی سے....."

وہ اسکی غصے سے لال ہوتی ناک کو انگھوٹے اور شہادت کی انگلی سے کھینچتا ہوا بولا

"شرم بھائی! پہلے سے ہی کیسے سائیڈ لی جا رہی ہے توبہ آج کل کے لڑکے تو ماں کے سامنے کیسے بے باک ہوئے جا رہے ہیں....."

غزل چُپ کر کے سَر تھامے اپنے ان دونوں بچون کو دیکھ رہی تھی

آفریں اب کچھ نہیں کر سکتی تھی یہ دیکھ کر اب فہیم کو امی سے پِٹوانا چاہتی تھی اور کرسی پر بیٹھتی ہوئی بولی اور اب اسکی پشت فہیم کی طرف تھی

فہیم نے بیگ اسکے سر پر مارا اور دانت نکالتے بولا

"بول کون رہا ہے امی دیکھیں تو خود اپنے منگیتر سے سب کے سامنے باتیں کرتی ہے اور مجھ معصوم شخص پہ الزام لگا رہی ہے بیباکی کا....."

"بھائی بہت برے ہیں آپ....." وہ اب سہی معنوں میں چڑ گئی تھی اور سَر پر اپنی دو انگلیاں مسلتی ہوئی بیگ لٹکا کر یونیورسٹی کے لیئے نکل گئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ناشتہ تو کر کے جا آفی بیٹا....."

غزل نے پیچھے سے آواز لگائی

"مجھے نہیں کھانا کوئی ناشتہ واشتا بھوکی رہ کر مر جائوں گی بس پھر آپ دونوں کو سکون ملے گا....."

وہ بنا منہ موڑے اپنی ناراضگی اور غصے کا اعتراف کر کے باہر نکل گئی

"دیکھا ناراض کر دیا بچی کو اب سارا دن کیسے بھوکی رہیگی....."

غزل فہیم کو ڈانٹتی ہوئی بولی

"کچھ نہیں ہونا اِس پیٹو کو، دو منٹ کی بھی بھوک برداشت نہیں ہوتی اِسے، کھالے گی کچھ نا کچھ فکر نا کریں، اب اِس غریب کو بھی کچھ کھلا دیں، آفس جانا ہے....."

وہ اب ماں کو تنگ کرنے کے موڈ میں تھا

"آیا بڑا غریب، لاتی ہوں ناشتہ....."

وہ اسکو گھوری نوازتی کچن کی طرف بڑھنے لگی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکو دھوپ میں کھڑے ہو کر بہت گرمی لگ رہی تھی جسکی وجہ سے اسکی سفید گلابی جلد اب سرخ پڑنے لگی

آفریں باہر کھڑی حفسہ کا انتظار کر رہی تھی اور اب اسکو فون ملانے لگی

"ہاں حفی جلدی آؤ یار باہر کھڑی ہوں بہت دھوپ لگ رہی ہے...."

اسنے فون بند کر دیا اور بیگ میں رکھا

اسنے اپنے ھلکے پتلے سے وجود پہ گلابی چوٹی سی فروک جس پر بیلو پولکا ڈوٹس کی ڈیزائن تھی اور بیلو کلر کی ہی ٹائیٹس زیب تن کی ہوئی تھی اور گلے میں چھوٹا اسکارف گردن کے گرد لپیٹے ہوئے تھا وہ بہت لبرل تھی اور فیضان کی لاڈلی تھی وہ بکس کو سَر کی پیشانی پر رکھے دھوپ سے اپنا چہرہ بچہ رہی تھی اور سن گلاسس لگائے اسد کے آلیشان بنگلے جو کہ پرپل وائٹ کلر کا خوبصورت بڑا سا بنگلہ تھا اسکو دیکھنے لگی... وہ باہر کھڑی حفسا کا ویٹ کر رہی تھی دھوپ اسکی گورر نگت کو اور چمکا رہی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور اسکو دور سے دانیال آتا دکھائی دیا

وائٹ کلر کی ٹی شرٹ اور بلو کلر کا ٹراؤزر پہنے اپنے کالے گھنے بالوں میں ہاتھ چلاتا آفریں کے پاس آیا

"اسلم وعلیکم..."" وہ اباسی لیتا ہوا بولا

آفریں نے اسکا چہرہ دیکھا

خم دَار آنکھیں... ہلکی سی اسٹائلش دھاڑی.. آفرین نے اندازہ لگیا کہ وہ ابھی ابھی اٹھ کر آیا تھا

"تم ابھی اُٹھے ہو؟ مطلب ساری رات پھِر سے جاگے تم، کرتے کیا ہو تم ساری رات جاگ کر آج تو بتاؤ...."

آفریں شروع ہو گئی تھی اور ایک ہاتھ میں بکس پکڑے دوسرا ہاتھ کمر پر رکھتے وہ اُس کی روز کی عادت سے غصہ ہوئی

"یار سلام کا جواب دینے سے گناہ نہیں مل جاتا تمہیں اور باہر کیوں کھڑی ہو اندر آؤ....."

وہ اسکی باتوں کو روز کی طرح اگنور کیئے بولا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تمہاری طرح فارغ نہیں ہوں میں اتنی، جانا ہے یونیورسٹی مجھے، اپنی بہن حفسہ کو بلاؤ اسی کا ویٹ کر رہی ہوں..." "وہ ناراض ہوتی بنگلے کے گیٹ کو دیکھ کر بولی

"کبھی سیدھے منہ بات نا کرنا آسٹریلین طوطی...."

وہ جاتے جاتے منہ بنا کر بول گیا

اور وہ ہمیشہ کی طرح اِس لقب سے چڑ جاتی اب آنکھیں پھاڑ کر اسکو غصے سے جاتا ہوا گھورنے لگی

"ایسے مت دیکھ پگلی پیار ہو جائیگا...."

دانیال مڑ کر آنکھ مارتے ہوئے بولا

"بدتمیز شوخے تمہیں تو میں واپس آتے سوناؤنگی اچھی والی...."

وہ اسکو ہاتھ میں پکڑا ہوا اپنا پین مار کر بولی

اور وہ اسکو زُبان دکھاتا اندر حفسہ کو بلانے چلا گیا

"بندر کہیں کا....." وہ چڑ گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکو دو منٹ بعد حفسہ آتی دکھائی دی...لون کالائٹ گرے دوپیس سوٹ گلے میں پھیلایا ہوا ریشمی دوپٹہ اور بڑی پونی کیئے، معصوم میک اپ سے پاک چہرہ...حسفا ہمیشہ سے ہی سادہ اور معصوم تھی

وہ دونوں گاڑی میں بیٹھی تو ڈرائیور گاڑی اسٹارٹ کر چکا تھا

"کہاں مر گئی تھی تم میڈم کب سے دھوپ میں کھڑی جل رہی تھی میں....."

وہ دانیال کا غصہ اب حفسہ پہ نکال رہی تھی

"کیا ہو گیا آفی صرف پانچ منٹ ہی تو لیٹ ہوئی ہوں میں اور تم کیوں تپی ہوئی ہو بھائی سے جھگڑا ہوا ہے کیا پھر سے؟....."

وہ دونوں بچپن کی سہیلیاں تھی اور بہت اچھی طرح جانتی تھی ایک دوسرے کو

اب حفسہ سمجھ گئی تھی کی یہ بلاوجہ کا غصہ دانیال کی وجہ سے ہے

"ہاں تمہارا یہ بد تمیز بھائی اور میرا ڈبل بد تمیز بھائی دونوں سے ناراض ہوں میں....."

آفرین نے منہ بناتے اقرار کیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم بھی خوامخاہ ہر کسی سے چھوٹی باتوں پر ناراض ہو جایا کرو بس....."

حفسہ اسکی نیچر سے واقف تھی کہ وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر چھ کر ناراض ہو کر بیٹھ جاتی تھی

"تم کبھی میری سائڈ نہ لینا حفی، کیسی دوست ہو تم بھی....."

وہ اب اُس سے بھی چڑ رہی تھی

"ڈرائیور انکل گاڑی پاس والے ریسٹورنٹ پہ لے کے چلیئے....."

آفریں ڈرائیور سے بولی اور حفسہ حیران ہوئی

"وہاں کیوں؟ تمہیں تو یونیورسٹی کے لیئے دیر نہیں ہو رہی تھی؟ اور نانی کو پتہ چل گیا نا تو وہ بہت ناراض ہونگی آفی....."

حفسہ حیرت سے بولی

"یار ابھی تو مجھے اپنے پیٹ کی فکر ہے گھر سے ضد میں کچھ کھایا نہیں اب بہت بھوک لگی ہوئی ہے...."

آفریں پیٹ پر ہاتھ رکھے بیچارگی سے بولی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سدھر جاؤ آفی تم...."

حفسہ کو ڈر لگنے لگا کہ نانی کو نا پتہ لگ جائے ورنہ ان دونوں کی شامت آنی تھی

آفریں سیٹ سے سر ٹکاتی اسکو دیکھ کر دھیٹھون کی طرح مسکرا کر بولی

"میں سدھر گئی نا تو دُنیا نے بگڑ جانا ہے جگر----

اور ڈرائیور انکل آپ بھی کسی کو نہیں بتایئے گا ٹھیک ہے نا؟ اور وہ جو کل آپنے بیماری کا بہانہ کر کے کام سے چھٹی لی اب طبیعت ٹھیک ہے نا؟....."

آفی اسکو دھمکاتی ہوئی چالاکی سے بولی

"ج ج ج..جی بیبی جی کسی کو نہیں پتہ چلے گا....."

ڈرائیور اسکی بات کا مفہوم سمجھتے ہوئے ھچکچاتے ہوئے بولا اور حفسہ آفریں کو افسوس سے سر ھلائے دیکھ کر رہ گئی

وہ دنون ریسٹورنٹ پہنچین..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ ایک خوبصورت مگر چھوٹا سا ریسٹورنٹ تھا گولڈن اور وائٹ ماربلس سے بنا ہوا وہ دونوں کالج کے زمانے میں چھٹی کے بعد یہاں آ کرتی تھی اور اب دیڈھ سال کے بَعد یہاں چکر لگا تھا دونوں کا، وہ شیشے کے دروازے سے اندر داخل ہوئی تھیں اور صبح کے وقت یہاں سنہری روشنیاں جگ مگا رہی تھی جو پورے ریسٹورنٹ کو چمکا رہی تھی وہ دونوں کوئی ٹیبل تلاش کرنے لگ گئی صبح کا وقت تھا اسلیئے بہت تھوڑے سے لوگ تھے جو اکثر یہاں ناشتہ کرنے آتے

"چلو حفی اُس کونے والی ٹیبل پر بیٹھتے ہیں....."

آفریں کی نظر ایک کونے والی جگہ پر پڑی جہاں روشنی کم پڑھ رہی تھی تو حفسہ کو اس ٹیبل کی طرف اشارہ کرتی بولی....

وہاں اندھیرا ہوا رکھا تھا اور ٹیبل والا بلب بھی آف رکھا گیا تھا وہ دونوں وہاں بیٹھ گئی اور ٹیبل پر ایک چائے کا کپ اور ساتھ میں کوئی چابیاں رکھی ہوئی تھی

"آفی شاید یہاں پر کوئی بیٹھا ہوا ہے پہلے سے ہی.. ہم کسی اور ٹیبل پر بیٹھ جاتے ہیں....."

حفسہ وہ سامان دیکھ کر اب اٹھتے ہوئے بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بیٹھو یہیں حفی_ جو بھی بیٹھا تھا چلا گیا نا، اب ہم بیٹھے ہیں اسلیئے چُپ کر کہ بیٹھو یہیں پر....."

آفریں اسکا ہاتھ پکڑ کر بٹھاتے ہوئے بولی اور وہ کپ اور کیز اٹھا کر دوسری سامنے والی ٹیبل پر رکھ دیئے

اسی دوران ویٹر آیا اور بولا

"میڈم یہاں کوئی اور بیٹھا ہوا ہے آپ کسی دوسری ٹیبل پر چلی جائیں....."

"جو بھی بیٹھا ہے میں نے انکا سامان وہاں رکھ دیا ہے، کہیں اور بیٹھنا ہے تو وہ بیٹھینگے، ہم نہیں....."

آفریں کو اب ضد آچکی تھی اب وہ اٹھنے سے رہی اور ویٹر کو بھرم سے بولتی ٹانگ پہ ٹانگ چڑا کر بیٹھی رہی

سامنے والی ٹیبل پر تین آوارہ لڑکے اب آفریں کو دیکھ رہے تھے اسکی ڈریسنگ ہی ایسی تھی کہ سامنے والے کو اپنی طرف متوجہ کر دیتی اور اوپر سے اسکا قاتلانہ حسن وہ تینوں غلیظ نظروں سے آفریں کو دیکھ رہے تھے جن کو حفسہ نے نوٹ کیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"لیکن میڈم جی....."

"دو اورنج جوس اور سینڈوچ لائیے شکریہ....."

ویٹر نے بولنا چاہا تو آفریں مغرورانہ انداز اپناتے اسکی بات کو بیچ میں کاٹتی بولی

اب ویٹر خاموشی سے آرڈر لیکے چلا گیا

"آفریں ہمیں چلنا چاہیئے یونیورسٹی کے لیے دیر ہو رہی ہے....."

حفسہ ان لڑکو کا اِرادہ بھانپ کر بولی

"کچھ کھائے بغیر میں نہیں جانے والی کہیں بھی....."

آفرین موبائل پہ انگلیاں چلاتی بولی

حفسہ نے اسکو موبائل میں مصروف بیٹھا دیکھ کر اپنی بُک کھولی اور پڑھنے لگی

ابھی کوئی اندر داخل ہوا اور ان دو لڑکیوں پہ نظر پڑی جو اسکا سامان ہٹا کر اسکی ٹیبل پر بڑے مزے سے بیٹھی ہوئیں تھیں

اسکو غصہ آیا اور چہرے پہ بلا کی سنجیدگی اور بھوری آنکھوں میں غصہ لیئے وہ ان کی طرف بڑھ رہا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹک ٹک.... اسنے اپنے ھاتھ کی انگلیون کے پوروں سے ٹیبل بجائی اور دونوں یکدم سَر اٹھا کر اُس مغرور شخص کی طرف دیکھنے لگیں

"یہ میری ٹیبل ہے یہاں میں بیٹھا ہوا تھا پہلے اور کچھ کام سے باہر گیا تھا، آپ دونوں کہیں اور بیٹھ جائیں...."

وہ غصہ ضبط کیئے بولا

اور اب آفریں کو بھی غصہ آرہا تھا کہ اِس ٹیبل میں ایسا کیا تھا جو ہر کوئی پیچھے ہی پڑھ گیا ہے

"جی سوری ہمیں معلوم نہیں تھا ہم ابھی اٹھتے....."

"ہم نہیں اٹھینگے.... آپ جا کر دوسری ٹیبل پر بیٹھ جایئے آپکا سامان بھی وہیں رکھا گیا ہے، بیٹھ جاؤ حیفی....."

حفسہ اَٹھ کر بولی جب آفریں اسکی بات کاٹ کر بول پڑی وہ بھی ضدی تھی کہاں ایسے اٹھنے والی تھی اور پِھر سے موبائل میں مصروف ہو گی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر وہ مغرور شخص لال آنکھوں سے اسکو دیکھنے لگا حفسہ نے اسکی آنکھوں میں غصہ دیکھا اور پھر دوبارہ بیٹھنے کی ہمت نا ہوئی اسکی

اس لڑکے نے اچانک آفریں کے ہاتھ سے موبائل کھینچ کر دوسری ٹیبل پر اچھالا اور بولا

"جاؤ اب تمہارا بھی سامان وہیں پر ہے جا کر بیٹھ جاؤ وہاں....."

آفریں کچھ پل کے لیئے پتھر بنی رہی، منہ کھولے، ہاتھ اسی موبائل پکڑنے والے انداز میں تھے اسکو یہ اندازہ نہیں تھا کہ یہ شخص اتنی بد تمیزی پر اُتر آئیگا

"سنائی نہیں دیا؟ اٹھو یہاں سے فوراً....."

وہ اب تیز آواز میں بولا وہاں کے لوگ اب انکی طرف متوجہ تھے جس میں ویٹرس کے ساتھ دو بھوڑے، دو تین ادھیڑ عمر خاتون اور وہ تین آوارہ لڑکے تھے

وہ ہوش کی دُنیا میں آئی اور اَٹھ کر اُس کے مقابل میں کھڑی ہو کر بولی

"یہ کیا بد تمیزی ہے؟؟ شرم نہیں ہے تمہیں ذرا سی بھی؟ جاؤ اور میرا موبائل اٹھا کے دو مجھے فوراً....."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نوکر نہیں ہوں میں تمہارا جا کر خود اٹھالو....."

وہ کہہ کر وہ اس ٹیبل کی طرف بڑھا جہاں آفریں نے اسکی چابیاں رکھی تھی اسنے کیز اٹھائیں اور اپنی ٹیبل کی طرف آیا

"تمہیں لڑکیوں سے بات کرنے کی تمیز نہیں ہے کیا؟ بد تمیز انسان اور میں یہاں سے کہیں نہیں اٹھنے والی سن لو تم کان کھول کر....."

آفریں واپس اس کرسی پر بیٹھ گئی اور اس شخص کو گھورنے لگی اور ڈری ہوئی حفسہ ان دونوں کی بحث دیکھنے لگی

وائٹ اور بلیک چیک کی شرٹ جس کے اوپر والے دو بٹن کھلے ہوئے تھے اس پر جینس... گلے میں ایک لاکٹ اور ہاتھوں میں کئی سارے بینڈس بندھے ہوئے آفریں کو وہ بالکل غنڈا ٹائپ لگا اور اسکو ایک آنکھ نا بھایا

"اوکے جیسی تمہاری مرضی.... لگتا ہے آج تمہارا موڈ میرے ساتھ ناشتہ کرنے کا ہے...."

وہ بولتا ہوا حفسہ کی کرسی پر بیٹھ گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور آفریں کو تو آگ ہی لگ گئی تھی کتنا ڈھیٹ انسان تھا وہ

آفریں ایک جھٹکے سے اٹھی اپنا بیگ اور موبائل لیا اور انگلی دکھا کر اسکو بولی

"تمہیں میں دیکھ لوں گی مسٹر جو کوئی بھی ہو تم....."

"ازلان نام ہے میرا اور کر لینا جو تم کر سکتی ہو....."

وہ کہاں کسی سے ڈرنے والا تھا اسلیئے چابیاں گماتا ہوا بولا

"یہاں اجائیں آپ میڈم جانے کی کیا ضرورت ہے ہم تو آپکے لیئے اپنا پورا ٹیبل ہی چھوڑ سکتے ہیں....."

آفرین اسکو گھور کر جانے لگی حفسہ کے ساتھ جب پیچھے سے آتی آواز نے اسکو روکا.... یہ وہ ہی لڑکے تھے جو کب سے ان دونوں کو گھور رہے تھے

"آفی چلو مجھے کچھ ٹھیک نہیں لگ رہا بس چلتے ہیں ہم....."

حفسہ اسکا بازو کھینچتی ہوئی بولی

"تم لوگوں کی ماں بہنیں بیٹھتی ہونگی ایسے ہی کسی کے ساتھ، انکو بٹھالو....."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بھی آفریں تھی...جواب دیئے بغیر کہاں جانے والی تھی اور آفریں کے ان جملوں نے ان لڑکون کو آگ لگادی تھی اور ازلان آرام سے نارمل اندازِ میں جوس پیتا سب دیکھنے لگا جیسے کوئی فلم چل رہی ہو

باقی سب بھوڑے شور سے تنگ آکر جا چکے تھے اب ان کے اور ویٹرز جو کہ اپنے کام میں مصروف تھے ان کے سوا وہاں کوئی نا تھا

"اوہ میڈم خیال سے بات کرو ایسا نا ہو کے پچتانا پڑے تمہیں بعد میں....."

ایک لڑکا آفریں کی طرف بڑھا اور اپنا ہاتھ اُس کے بازو پر لے ہی جا رہا تھا تبھی اسکو پیچھے سے ایک تیز آواز نے روکا

"وہیں رک، لڑکی کے پاس مت جاورنہ تو سہی سلامت اپنے پیروں پر گھر نہیں جا پائیگا....."

ازلان اسکے پیچھے سے کالار پکڑ تا بولا

آفریں اب سہم گئی تھی اس لڑکے کو اپنی طرف بڑھتا دیکھ اور جب ازلان نے اسکو روکا تب آفریں نے سکھ کا سانس لیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"چھوڑ بے....."

وہ لڑکا ازلان کو اچھی طرح جانتا تھا کہ وہ جو کہتا ہے کر کہ ہی رہتا ہے اور یہاں سب اُس کے غصے سے بھی واقف تھے اسلیئے وہ کالر چھڑوا کے واپس اپنی جگہ پہ بیٹھ گیا

"تم جیسی لڑکیوں کے ساتھ ایسا ہی ہوتا ہے اور اگر اب تھوڑی سی بھی شرم باقی ہوتا تو یہاں سے چلی جاؤ دونوں....."

ازلان ان دونوں کو ایک اچھاتری نظر سے دیکھتا ہوا بولا اور اپنی جگہ پہ بیٹھ گیا اسکی پشت اب ان دونوں کی طرف تھی

آفریں کو غصہ تو بہت آیا اسکی بات پر ابھی وہ اسکو منہ توڑ جواب دینے کے لیئے آگے بڑھی ہی تھی کہ حفسہ نے اسکو روک لیا

"چلو آفریں بس بہت ہو گیا اب اور تماشہ مت بناؤ....."

اور آفریں ازلان کو غصیلی نظر سے دیکھ کر تیز قدم اُٹھاتی وہاں سے چلی گئی اور حفسہ بھی اس کے پیچھے چل دی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"طوطی....."

دانیال مسکراتا بولا

اب آفریں کے پاس کوئی چارا نہیں تھا تو وہ خاموشی اختیار کر کہ بیٹھ گئی

دانیال اسکو کل والے سمندر پہ ہی لے آیا آفریں نے وہ جگہ دیکھی تو دانیال سے پوچھ بیٹھی

"یہاں کیوں لائے ہو؟...."

صبر کرو بتاتا ہوں....."

دانیان یہ کہتے ہی گاڑی سے اترا اور آفرین کی سائڈ کا دروازہ کھولا

"میں گاڑی سے نہیں اترنے والی....."

آفریں نے اپنے بازو سینے پہ باندھے کہا

"پلیز آفریں منانے کا موقع تو دے ہی سکتی ہو نا....."

دانیال نے التجا کی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آفریں نے اسکو دو سیکنڈز کے لیئے دیکھا اور گاڑی سے باہر آ گائی

دانیال نے اپنی پینٹ کی جیب سے ایک سرخ پٹی نکالی اور آفرین کو دیکھتا ہوا بولا

"تمہیں یہ باندھنا ہو گا اپنی آنکھوں پر....."

"کیون پاگل ہو کیا....."

"پلیز آفی....."

آفریں نے اسکی بات سن کر اُس کے ہاتھ سے وہ کپڑے کی پٹی لی اور اپنے آنکھوں کے اوپر باندھ لی

دانیال آفریں کا ہاتھ پکڑ تا آگے اسکو لے جا رہا تھا تو آفریں نے ہاتھ چھڑا کر کہا

"مجھے چھونے کی ضرورت نہیں دانی...."

دانیال نے اسکی بات پر عمل کیا اور منہ سے بتاتا ہوا اسکو ایک جگہ رکنے کو کہا

وہ رک گئی دانیال نے پیچھے سے اسکی پٹی اتاری تو اسکی آنکھیں ایک عجب ہی سا منظر دیکھ رہین تھیں.....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آفریں کی آنکھوں کے سامنے ایک خوبصورت سامنظر تھاسامنے ریت پہ موم بتیاں رکھ کر انکو دِل کی شیپ میں لایاہوا تھااور اُس کے اندر ریت پہ انگلی سے "سوری" لکھاہوا تھا...اُس کے پیچھے سمندر جس میں سورج ڈوبتہ ہوا نظر آرہا تھاشام ڈھلنے کو تھی..

یہ منظر کافی پر کشش معلوم ہو رہا تھا

آفریں نے دِل ہی دِل میں اپنے بندر کی کوششوں کو سراہاپر خود پر کوئی تاثر نہیں ظاہر ہونے دیا کیوں کہ کل رات جو دانیال نے کیا تھااسکو اتنی جلدی معاف نہیں کیا جاسکتا تھا

"کیسالگا؟....."

دانیال اُس کے پیچھے کھڑا اسی کو دیکھ کر بولا ہلکی سے ہوا سے آفریں کی پونی سے لمبی زلفین نکلتی دانیال کا چہرہ چھو رہی تھیں

"سہی ہے بس، پر یہ مت سمجھنا کہ میں نے تمہیں معاف کر دیا....."""

آفریں اس منظر کو دیکھتے ہوئے بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سوری آفی کل رات میں نے تم پہ یقین نہیں کیا اور ایسے ہی کسی کی باتوں میں آکر تمھارے ساتھ برا پیش آیا معاف کر دو اپنے بندر کو....."""

دانیال آفرین کے آگے آتا کان پکڑ کر بولا

"نہیں دانیال کل جو تم نے کیا میں وہ کبھی نہیں بھول سکتی...."""

آفریں کے آنکھوں کے سامنے دانیال کی کل رات والی لال آنکھیں سامنے آئیں اور اسکا لہجہ یاد آیا تو وہ افسردہ ہو کر بولی

"سوری آفی غلطی ہو گئی..بس کسی کو تمھارے اتنے پاس آتا دیکھا تو مجھ سے برداشت نہیں ہوا...."""

اب دانیال یہ کہتا ہوا ریت پر گھٹنوں کے بل بیٹھ کر کان پکڑتا ہوا بولا

"اب بھی معاف نہیں کرو گی؟....."

آفرین اسکو یون دیکھ کر حیران ہوئی اور جھٹ سے جا کر اُس کے ساتھ ریت پر بیٹھ گئی

"یہ کیا کر رہے ہو تم دانیال پاگل مت بنو اٹھو...."""

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تمہیں منانے کی کوشش کر رہا ہوں اور تب تک نہیں اٹھونگا جب تک تم معاف نہیں کر دیتی....."""

دانیال بضد ہوا

"اچھا تو زبردستی منوانا چاہتے ہو مجھے تم....."""

آفریں غصہ ہوئی

"ہاں نا....."""

دانیال مسکرایا

"تم ایسے کسے کسی ایرے غیرے پر یقین کر سکتے ہو؟ اور کل تم نے میرے کریکٹر پر سوال اٹھایا تھا دانی...."""

آفریں کے لبوں پہ شکوہ آئی

"وہ بس ایک ری ایکشن تھا جو کہ اچانک وہ سب دیکھ کر نکلا..... آفی میں بالکل نہیں سہہ سکتا کہ تمہیں کوئی اور دیکھے بھی اور کل رات وہ لڑکا....."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دانیال نے بات ادھوری چھوڑدی

آفریں سمجھ سکتی تھی اور اب اسے زیادہ دیر تک اس سے ناراض نہیں رہا جارہا تھا پر آفریں نے اسکو مزید تڑپانے کا سوچا، وہ اٹھ کھڑی ہوئی دانیال بھی مسکراتا ہوا اٹھنے لگا تو آفریں نے کہا

"تم کیوں اٹھ رہے ہو تم نے تو کہا تھا کہ تب تک بیٹھو گے جب تک میں مان نہیں جاتی....."

آفریں نے اسکو اپنی بات یاد دلائی

"تم نہیں مانی ابھی بھی؟....."

دانیال اسی پوزیشن میں بیٹھ گیا اور سوال کیا

"نہیں تو اور واپس اپنے کان پکڑو اسی طرح....."

آفریں نے حکم دیا

دانیال کو پتہ تھا وہ مان گئی ہے پر پھر بھی اب اسکی بے جا ضد پوری کر رہا تھا اور اپنے کان پکڑ لیئے

دانیال کو پتہ تھا وہ کیا کرنے والی ہے

آفریں نے موبائل نکال کر اسکی پکچر لی اور بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اب کبھی مجھے یون ستایاناتو یہ پکچر پوسٹ کر دونگی تمھاری سن لو....."

"اوکے کر دینا.....اب تومان گئی نا؟....."

دانیال نے پھر سے وہی سوال کیا....."

"نہیں پہلے گول گپے کھلاؤ...."

آفریں کی ایک اور فرمائش

"لیکن میں نے کہا تھا تم نہیں مانی تو میں نہیں اٹھونگا اب اٹھون کیسے..تم تومانی ہی نہیں...."

دانیال نے چالاکی دکھائی

"آدھی مان گئی ہوں نہ اور آدہی گول گپون کے بعد...."

آفریں نے بات بناڈالی کیوں کہ سوال اب پانی پوری کا تھا

دانیال مسکراتا ہوا اٹھا اور وہ دونون ہی ریت پر ننگے پاؤن چلنے لگے تو دانیال اسکو محبت سے دیکھتا ہوا بولا

"یہ لڑکیان کیون اتنا پانی پوری کے پیچھے پاگل ہوتی ہیں...."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دانیال نے چہرے کے عجیب زاویئے بنا کر کہا

"کیون؟ کتنی لڑکیون کو پانی پوری کھلا چکے ہو تم جو تمہین اتنا پتا ہے لڑکیون کے بارے میں...."""

آفرین آنکھوں کی پتلیان سکڑتی ہوئی بولی

"کالج کے زمانے میں کھلائے تھے دو لڑکیون کو بس...."""

دانیال نے کوئی کسر نہیں چھوڑی آفرین کو زچ کرنے کی

"ہان وہ ماہا اور آمنہ ہی ہو نگی جو تم جیسے بندر کے پیچھے پڑی ہوئی تھیں اور مت بھولو تمھارا نمبر بھی انکو میں نے ہی دیا تھا، تھینکس ٹو می....."""

آفرین زچ ہونے کے بجائے اسکو اپنا احسان یاد دلاتے بولی تو دانیال کا منہ اتر گیا

"کن چڑیلوں مین پھنسا دیا تھا تم نے مجھے یار.. اور تمہیں زرا سی بھی جیلسی نہیں ہوتی تھی تب؟....."""

دانیال نے حیران ہوتے پوچھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہیں جیلسی تو بالکل نہیں ہوتی تھی تب....."

آفرین شانے اچکائے لاپرواہی سے بولی

"چلو تب نہیں..پر اب تو ہو گی نہ...."""

دانیال شرارت سے بولا

"ارادے کیا ہیں تمھارے...."""

آفرین نے آبرو اچکا کر دانیال کو دیکھتے ہوئے کہا..

"نیک ہیں نیک ارادے... صرف اب اس طوطی کا ہے یہ بندر..چڑیلین اب نہیں پسند....."""

دانیال آفرین کا ہاتھ پکڑتے ہوئے بولا

"زیادہ فری نہ ہو اب تم اچھا..."""

آفرین انکھین سکوڑتی ہوئی بولی اور اپنا ہاتھ اس سے چھڑوایا

"اوکے..آج معاملہ تھوڑا سنگین ہے تمھاری بات ماننی ہو گی....."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دانیال دونون ھاتھہ ہوا مین اٹھاتا بولا

آفریں اسکو دیکھہ کر مسکرادی

اور وہ دونوں وہاں سے ساتھ قدم اٹھاتے چل دیئے

دانیال نے اسکو پانی پوری کھلا کر گھر ڈروپ کر دیا اور خود بھی گھر چلا گیا

ان بائیک پہ جارہا تھا جب اسکی نظر حفسہ پہ پڑی جو کہ ڈرائیور کے ساتھ مال آئی ہوئی تھی اور اب باہر کھڑی ہو کر ڈرائیور کے آنے کا ویٹ کرنے لگی

ازلان کو یاد پڑا کے یہ وہ ہی لڑکی ہے جو اس دن آفریں کے ساتھ ریسٹورنٹ میں تھی تو اسنے بائیک سائڈ پہ روکی، اسکو اسٹینڈ بائے پہ رکھ کر جیب سے ایک کالا رومال نکالا...

.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکو اپنے منہ پر باندھتا ہوا حفسہ کی جانب بڑھا اور اس کے ہاتھ سے اسکا بیگ چھیں کر چار قدم کے فاصلے پر کھڑا ہو گیا حفسہ آنکھیں پھاڑے اسکو دیکھے گئی اور اسکی طرف بڑھنے لگی جیسے ہی دو قدم کا فاصلہ کم ہوا ازلان سامنے والی گلی کی طرف بھاگا تو حفسہ بھی اُس کے پیچھے بھاگی جیسے ہی حفسہ اس چھوٹی سی گلی میں آئی اسکو ازلان کہی نظر نہیں آیا..

وہ ادھر ادھر نظرین گھمانے لگی....

ازلان نے اچانک پیچھے سے جا کر اُس کے منہ پہ ہاتھ رکھ دیا حفسہ کی آنکھیں خوف سے پھیل گئی اور اپنے دونوں ھاتھوں سے ازلان کا ہاتھ ھٹانے کی ناکام کوشش کرنے لگی ازلان نے اسکو دیوار سے لگا کر ہاتھ اُس کے منہ پر رکھ دیا کے وہ کہیں وہ شور نہ مچادے

"دیکھو چُپ رہو چلانا مت اور ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے نقصان نہیں پھونچاؤں گا تمہیں، ایک دو سوال کرونگا پھر تم اپنا بیگ لیتی ہوئی چلی جانا....."

ازلان نے اسکو تسئلی دیتے ہوئے کہا اور اسکے منہ سے اپنا ھاتھ ھٹایا، اپنا کالا رومال ابھی تک اسنے اپنے منہ سے نہیں ھٹایا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اس دن وہ لڑکی کون تھی جو تمھارے ساتھ تھی ریسٹرنٹ میں؟....."

ازلان نے سوال سنجیدگی سے پوچھا

حفسہ نے اسکی بھوری آنکھوں سے اندازہ لگایا کے وہ ہی لڑکا ہے اور اسکی بات سمجھ کر جلدی سے بولی

"آف آفرین...."""

حفسہ کو اپنی جان چھڑوانے کی پڑی تھی

"آفریں؟ ھم سوچ سمجھ کر نام رکھا گیا ہے....."""

ازلان خود سے بولتا ہوا حفسہ کی پرس میں سے موبائل نکالنے لگا، موبائل آن کیا تو موبائل پاسورڈ مانگ رہا تھا

"پاسورڈ بتاؤ...."""

ازلان سنجیدگی سے بولا

"فافہیم 12....."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حفسہ نے نظریں چرا کر کہا

ازلان نے موبائل سے نظریں ھٹائیں اور اسکو دیکھ کر بولا

"واہ سب کے سب ہی لیلا مجنوں ہو تم لوگ تو....."""

ازلان نے کہتے ہی پاسورڈ لگایا اور آفریں کا نمبر سرچ کیا جو کے اسکو آفی کے نام سے ملا

"آفی کے نام سے سیو ہے اسکا نمبر؟....."

حفسہ نے ہاں میں سر ہلایا.....

ازلان نے اپنی موبائل میں آفریں کا نمبر اتارا اور اپنا موبائل جیب میں رکھا پھر حفسہ کا موبائل اور پرس حفسہ کو دیتا ہوا وہاں سے چلا گیا

"اُف میرے خدا تیرا لاکھ شکر....."""

اسنے اپنے سہی سالامت ہونی کا شکر منایا

"آفی کو پتہ چلا تو مار دے گی مجھے یار آفی سوری آج اسکا کہنا نا مانتی تو وہ خطرناک غنڈا پتہ نہیں کیا کرتا....."""""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دِل ہی دِل میں آفریں سے معذرت کرتی اپنی کار کی طرف چلنے لگی

.

.

.

ازلان گھر آیا تو رات ہو چکی تھی عظمہ بھی سو چکی وہ دبے قدموں اپنے کمرے میں گیا اس بڑی کھڑکی کے سامنے پڑے سنگل صوفے پہ بیٹھ گیا چاندنی کی بالکل ہلکی سی روشنی اس لمبی کھڑکی کے پردوں سے چھلک رہی تھی ازلان نے جیب سے سگریٹ اور لائٹر نکالا سگریٹ ہونٹوں میں دبائے، تھوڑی کو آگے کر کے لائٹر سے سگریٹ جلائی اور لائٹر بیڈ پہ اچھال دیا

اسنے ایک کش لگایا اور دھواں منہ سے نکلتا گیا، اسنے سَر صوفے کی پشت سے ٹکا دیا اور موبائل آن کر کے گانا لگایا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جلا رخی دکھا کر، مسکرا کر لوٹ لیتے ہیں

نگاہون سے نگاہون کو ملا کر لوٹ لیتے ہیں

یہ اچھی پرداداری ہے، یہ اچھی دل نوازی ہے

ھنسا کر لوٹ لیتے ہیں، رلا کر لوٹ لیتے ہیں

گانا جیسے ہی اُس کے کانوں میں پڑا آفریں کا سر اپہ اسکی آنکھون کے سامنے لہرایا

حسن والے وفا نہیں کرتے

عشق والے دغا نہیں کرتے

ظلم کرنا تو انکی عادت ہے

یہ کسی کا بھلا نہیں کرتے۔""

اب وہ سرمئی آنکھیں اسکی آنکھوں میں سامنے آئیں وہ دیوانہ ہو چکا شیشے جیسی چمکتی آنکھیں اُس کے دِل میں قابض ہو گئی تھیں....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکو روشنی پسند نہیں تھی پر آفریں کی آنکھوں کی چمک اسکو بھا گئی تھی وہ اس چمکتی آنکھوں میں خود کو صرف خود کو دیکھنا چاہتا تھا اور پھر اچانک دانیال کا وجود اسکی آنکھوں کے سامنے آیا

ازلان نے جھٹ سے آنکھیں کھولیں

اور اپنی آنکھوں کو انگلیوں سے مسلتا ہوا خدا سے مخاطب ہوا

"آفریں تم بری طرح میرے حواسوں پہ چھا رہی ہو...."""

ازلان نے یہ کہتے ہی موبائل میں گانا بند کیا اور صوفے سے اٹھتا ہوا کمرے کے کونے کی طرف بڑا اور اپنا گٹار اٹھا لیا، وہ اٹھا کر بیڈ پہ بیٹھا اور ایک ہاتھ سے گٹار بجا رہا تھا تو دوسرے ہاتھ سے سگریٹ کو دو انگلیوں میں پھسائے سگریٹ پھونک رہا تھا اسکی انگلیاں جیسے ہی گٹار پہ چلی ایک بیسوری سی آواز نکلی تار ٹوٹنے کی وجہ سے

اسنے خفا ہو کر گٹار نیچے رکھ دی

اور بیڈ پہ چت لیٹا، پھر وہ ہی آنکھیں اسکو دکھنے لگی

"آفریں کتنا تنگ کرتی ہو بار بار...."""

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مسکراتا ہوا بولا

اور سگریٹ کا چھوٹا سا ٹکڑا زمین میں پہ پھینک دیا

اپنا موبائل اٹھا کہ کچھ سوچ سوچ کے ٹائپ کرنے لگا اور مطلوبہ نمبر پر سینڈ کرتا ہوا اٹھ کر الماری سے رات کے لیئے کپڑے نکال کر فریش ہونے چلا گیا..

فریس ہو کر واشروم سے باھر نکلا کمرے کی لائٹس آن کی، اپنا آفیس بیگ اٹھایا اس میں سے لیپ ٹاپ اور کچھ فائلز نکال کر آفیس کے کام میں مصروف ہو گیا، کام کرتے کرتے اسکو پانچ بج چکے تھے وہ جلد از جلد کامیاب ہونا چاہتا تھا اور اسکے لیئے اسکو جو کرنا پڑتا وہ کر رہا تھا کیوں کہ اسکو اپنا برسوں کا مقصد پورا کرنا تھا اپنے باپ بھائی اور بہن کے قاتل کو سزا دلوانی تھی اور اپنا حق بھی لینا تھا اگر وہ ایسی ہی خالی ھاتھ فیضان کے سامنے چلا جاتا تو جو انسان اپنے بھائی کو اسی کی حویلی میں مروا سکتا ہے وہ خالی ھاتھ ازلان کو بھی اپنے راستے سے ھٹا سکتا ھے.. اور دادی نے بھی اسکو یہی کھا تھا کہ جب خود میں اتنی طاقت سمجھے کہ وہ فیضان سے مقابلہ کر سکتا تب ہی کوئی قدم اٹھائے.....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس لیئے وہ خود کو کم سے کم اس قابل تو بنانا چاہتا تھا کہ وہ فیضان سے اپنی جائیداد مانگے تو کسی بنا پر اسکو دھمکا بھی سکے اور اسکو یہ موقعہ نہ دے سکے کہ وہ باسانی ازلان کو اپنے راستے سے ھٹالے....

اور کیس بھی کیا جا سکتا تھا پر اسکے لیئے بھی پیسون کی ہی ضرورت تھی جس کے لیئے اب وہ دن رات ایک کر کے کام کر رہا تھا...

کام کے معاملے میں وہ ہمیشہ ایسا تھا جس چیز کی ٹھان لیتا اسکو پورا کر کے ہی رہتا پھر چاہے وہ اسکول اور کالج میں اول نمبر انا ہو یا کرکیٹ میچ میں ہمیشہ فتح حاصل کرنا ہو وہ جی توڑ محنت کرتا

اسکی آنکھیں نیند سے بھر چکی تھی اور اب ازانون کی آواز آنے لگی تو اسنے فائلز سمیٹین لیپ ٹاپ بند کیا، لائٹس اوف کر کے مسجد کی طرف نکل دیا_____

سورج کی جگمگاتی ہوئی روشنی آفریں کی آنکھوں پہ پڑنے لگی تو اسنے غنوندگی میں دھیرے سے آنکھیں کھولیں اور بیڈ پہ ہاتھ چلاتی موبائل تلاش کرنے لگی موبائل ہاتھ میں لگتے ہی اسنے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

موبائل میں وقت دیکھا اور پھر ایک ان نون نمبر سے میسج دیکھ کر اسکو کھولا جس میں ایک شاعری لکھی ہوئی تھی

"یوں میرے دِل سے جڑ گئی ہو جیسے کوئی دھڑکن ہو میری،

اب تو سانسیں بھی ایسے چلتی ہیں جیسے محتاج ہو تیری،

یوں یاد نا تم آیا کرو رات کے اِس پہر

آنکھیں تیری ایسی جیسے ندی میں پانی کا کوئی سہر..."

اسنے جیسی ہی میسج میں یہ شاعری پڑی وہ عجیب اندازِ سے اس نمبر کو دیکھتی سَر جھٹک گئی کہ کوئی رانگ نمبر ہو گا اور واشروم میں فریش ہونے کو نکل گئی_____

.

.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان بائیک پہ گھر جارہا تھا جب اچانک سے اسکی نظر ایک اپنے آگے کھڑی گاڑی پہ پڑی جس پہ "میر فیضان" لکھا ہوا تھا ازلان نے جیسے ہی وہ نام دیکھا اسکی آنکھوں میں وہ ہی انتقام کی آگ جلنے لگی جو کہ برسوں سے جل رہی تھی اسنے اب اس گاڑی کا پیچھا کرنے کا سوچا، بائیک اس کے فاصلے پہ چلاتا اس گاڑی کے پیچھا کرنے لگا....

گاڑی اب ٹرن کرتی ایک بڑے سے گھر کے سامنے رکی، واچ مین گیٹ کھول رہا تھا تو گاڑی گیٹ کے سامنے رکی ہوئی تھی، اور جیسے ہی ازلان کی نظر گاڑی میں بیٹھی ہوئی آفریں پر پڑی جو کہ گاڑی کی کھڑکی نیچے کیئے ہوئے اپنے موبائل میں مگن تھی

ازلان کے دماغ نے کام کرنا چھوڑ دیا تھا آفریں کو میر فیضان کی گاڑی میں بیٹھا دیکھ کر اور جب اسنے دیکھا کے گیٹ بند ہو چکا ہے تو اسنے اپنی بائیک اگے بڑھا کہ اس گھر کے سامنے روک دی اور گھر کی نیم پلیٹ پڑی جس پر "حسن ہاؤس" لکھا ہوا تھا ازلان کے جبڑے تن گئے اور اسنے بائیک کے ہینڈل پر اپنی گرفت مضبوط کرلی جس سے اُس کے ھاتھوں کی رگین نمایاں ھوئیں.....

وہ خود سے بڑبڑیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آفریں میر فیضان کے گھر پر؟....."

اسنے خود سے سوال کیا پھر چند سیکنڈس گھر کو دیکھ کر سر جھٹکتا ہوا بائیک اسٹارٹ کر کہ اپنے گھر کو نکل گیا

گھر پھونچ کر اسنے بائیک صحن مین کھڑی کی اور سیدھا عظمہ کے کمرے میں گیا تو وہ جائے نماز پہ بیٹھی تسبیح پڑھ رہی تھی وہ سامنے صوفے پہ بیٹھا اور ھاتھوں کو آپس میں جکڑ کر دونوں گھٹنوں کے بیچ رکھتا ہوا عظمی سے کہا

"امی آپ سے کچھ بات کرنی ہے...."

عظمہ نے سر ہلایا کہ کرو بات اور تسبیح کے ڈانو کو سرکتی جارہی تھی

"امی آفریں میر فیضان کی کیا لگتی ہے آپکو کچھ معلوم ہے...."

ازلان نے اپنا سوال کیا تو عظمہ نے پیچھے مڑ کر اسکو دیکھا

"کیوں کیا ہوا؟...."

عظمہ نے جاننا چاہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ بتائیں نا پلیز...."

"بیٹی ہے وہ غزل کی...."

عظمہ نے اسکو بتا کر سوالیہ نظروں سے ازلان کو دیکھے گئ

ازلان نے جیسے ہی یہ سنا تو سَر تھام کر بیٹھ گیا اسکا ذہن کچھ سیکنڈز کے لیئے ماعوف ہو گیا کیوں کہ جو اسنے سوچا تھا وہ بالکل اُس کے الٹ ہو گیا تھا اسکو تو کچھ سمجھ ہی نہیں ارہا تھا... اس نے ایسے الفاظ سنے جن کو وہ نہ سن نے کی دعا کر کہ آیا تھا

"کیا ہوا ازلان تمہیں کیسے پتہ آفریں کا؟ اور اتنے پریشان کیون لگ رہے ہو؟....."

عظمہ نے اُس کے پریشان چہرے کو دیکھ کر سوال کیا

"بس ایسے ہی ایک ریسٹورٹ میں ملی تھی آپ فکر نا کریں کوئی بڑی بات نہیں ہے....."

وہ عظمہ کو پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا اسلیئے اسکو تسئلی دیتا ہوا اٹھ گیا

وہ اپنے کمرے میں گیا اور اس اندھیرے کمرے میں جا کر بیڈ پہ بے بس ہو کر بیٹھ گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ تو بے بسی کی انتہا پر تھا اسکو کیا معلوم تھا کے جس سے وہ پیار کرتا ہے وہ اُس کے دشمن کی ہی بیٹی ہے، اب دشمنی نبھائے یا پیار وہ الجھن میں پڑھ گیا ازلان نے سگریٹ نکال کر لائٹر سے سگریٹ جلائی اور سلگانے لگا آج سگریٹ کے ساتھ اسکا دِل بھی سلگ رہا تھا

"مجھے بھی اسی سے محبت ہونی تھی جو اس فیضان کی بیٹی نکلی....."""

وہ تیش میں آکر خود سے مخاطب ہوا

"نہیں آفریں نہیں مجھے تم سے محبت نہیں ہو سکتی.... نہیں ہو سکتی.... نفرت ہے مجھے اس فیضان سے بھی اور اسکی اولاد سے بھی....."""

اب کہ ازلان خود کو تسئلی دے رہا تھا اپنے ہی دِل کو سمجھا رہا تھا پر اسکو کیا پتہ محبتوں کے جال میں جو ایک بار جکڑ جائے وہ پھر چاہ کر بھی اس سے آزاد نہیں ہو سکتا اور ازلان بھی اب اس محبت کے جال میں جکڑ چکا تھا، اب خود کو اس سے آزاد کروانے کی ناکام کوششیں کر رہا تھا

"کیوں میرے خدا تو نے ایسا کیوں کیا میرے ساتھ؟ زندگی میں پہلی بار تو نے میرے دِل میں کسی لڑکی کی محبت پیدا کی وہ بھی اس لڑکی سے جو کہ میرے باپ بھائی بہن کے قاتل کی بیٹی ہے .....؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان کی آنکھوں میں بے بسی کے رنگ تھے اسکا دل جیسے اسکے دماغ پر حاوی ہونے لگا تھا، اور وہ خدا سے شکایت کر رہا تھا، سگریٹ جس کو وہ کش لگانا بھول چکا تھا اور ہاتھ میں پکڑا ہوا تھا سگریٹ اپنی راکھ اُس کے پیر و پر گرا رہا تھا پر ازلان کو پروا کہاں تھی

"یا میرے اللہ میرے دِل میں اُس کے لیئے محبت تو پیدا ہو گئی ہے لیکن اب میں تجھ سے دعا مانگ رہا ہوں کے مجھ پر رحم فرما اور اس لڑکی کی میرے دِل سے محبت ختم کر دے میرے اللہ مجھ سے اور امتحان مت لے....."""

وہ گڑگڑاتا ہوا خدا سے اپنی محبت کی موت مانگ رہا تھا ان محبت کے جذبوں کی ختم ہونے کی بھیک مانگ رہا تھا

سگریٹ جلتا ہوا اب بالکل چھوٹا ہو گیا تھا اور اسکی انگلیاں جلا رہا تھا اسکو ہوش آیا تو اسنے سگریٹ چھوڑ کر اپنی انگلیون کو دیکھا جس پہ گرم راکھ لگنے کی وجہ سے کالے نشان بن گئے تھے اور اسکی انگلیون کو بری طرح جلا رہے تھے اُس کے پیر و کا بھی یہ حال تھا.... لیکن وہ درد برداشت کرنا جانتا تھا.. اور بیڈ پہ باہیں پھیلائے لیٹ کر اپنی آنکھیں میچ گیا

"آفریں نفرت کرتا ہوں میں تم سے....."""

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ خود سے جھوٹ بولتا گیا

اور ساری رات ہی اس محبت کے ختم ہونے کی دعا مین گزر گئی

ایک مہینے بعد ازلان کو افس کی طرف سے گھر بھی دیا گیا تھا اور کام مین محنت اور لگاؤ کی وجہ سے اب وہ کافی اچھی پوسٹ پر بھی آ گیا تھا اب اسکو اپنا مقصد جلد اَز جلد پورا کرنا تھا میر فیضان سے بدلہ لے کر

وہ شام کو آفس سے لوٹا تو گاڑی فیضان کے گھر کے سامنے کھڑی کر انتظار کرنے لگا فیضان کی گاڑی پندرہ منٹ بَعد آئی اور گیٹ کے اندر چلی گئی وہ کچھ دنوں سے فیضان کے گھر سے آنے جانے کی ٹائمنگز نوٹ کرنے لگا تھا اور فیضان کا آفس بھی اسنے دیکھ ہی لیا تھا،

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جہاں اُس کے دِل میں فیضان سے دشمنی کی آگ بھڑکتی جارہی تھی وہیں آفریں کی محبتوں کا سمندر اور گہرا ہوتا چلا جارہا تھا وہ ہر نماز میں اس محبت کی موت مانگتا تھا اور ہر رات خود سے بڑبڑاتا کہ وہ آفریں سے محبت نہیں کرتا پر دِل کے آگے اسکی ایک نا چلی تھی، اسنے ہار مان لی تھی اور آفرین کو ہر حال مین پانے کا ارادہ کر لیا تھا...

آفریں کی یونیورسٹی کی ٹائیمنگ کا بھی نوٹ لے رکھا تھا.. اسکا خود پر اختیار نا رہا کرتا وہ جب بھی اسکو دیکھتا....

ابھی آفریں یونیورسٹی سے نہیں آئی تھی یہ دیکھ کر وہ اسکی یونیورسٹی کی طرف بڑا اسکا آج دِل کر رہا تھا اس سے بات کرنے کا

وہ آیا تو اسنے آفریں اور حفسہ کو یونیورسٹی کے گیٹ پر پایا آفریں پنک کرتی جو کے گھٹنوں سے اوپر تھی اس پہ وائٹ ٹائیٹس اور چھوٹا سا وائٹ اسکارف گلے مین لپیٹے نظر آئی

ازلان نے نوٹ کیا تھا کے اب وہ پہلے سے زیادہ مناسب کپڑے پہننے لگی تھی پر ابھی بھی تھوڑا سدھارلانا ضروری تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گاڑی سے اترا اور آفریں کی طرف بڑا جو بلیو شرٹ اور پینٹ پہنے چہرے پہ سنجیدگی اور سنہیرے بال جو کے ماتھے پہ گرے ہوئے تھے جہاں آفریں اسکو دیکھ کر دنگ رہ گئی وہیں حفسہ کی بھی حیرت سے آنکھیں پھٹ گئیں، آفریں دانیال اور اپنے ڈنر والے دن کے بعد اب اسکو دیکھ رہی تھی آفریں کی آنکھوں میں نفرت سمائی اسکی اس دن والی حرکت یاد کر کہ

"تم یہاں میرا پیچھا کر رہے ہو؟ اور یہاں کیوں آئے ہو اب.. اس دن کوئی کسر رہ گئی تھی جو اب وہ پوری کرنے آئے ہو....."""""

آفریں غصے سے پھٹ پڑی تھی اور اسکی آنکھوں میں دیکھ کر چلاتی ہوئی بولی آس پاس کے کچھ سٹوڈنٹس جو کہ اپنی سواریوں کے انتظار میں کھڑے تھے انکی طرف متوجہ ہوئے

حفسہ نہ سمجھی سے وہ سب دیکھنے لگی

"میری جنگلی بلی کسریں تو بہت رہ گئیں ہیں جو پوری کرنی ہیں مجھے آج بس تمہارے کڑوے الفاظ سننے کو دِل چاہ رہا تھا تو آگیا تمھارے پاس....."""

ازلان چہرے پہ دل جلانے والی مسکراہٹ لیئے اپنی پینٹ کی جیبون میں ہاتھ ڈالتا ہوا بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"زبان سنبھال کر بات کرو مسٹر جو کوئی بھی ہو تم....."

آفریں اسکی باتوں سے تپ کر انگلی دکھاتی ہوئی اسکو اس بار دھیمی آواز مین بولی

"مطلب ایک اور جُرت....."

ازلان اسکی انگلی کو دیکھتا ہوا بولا اور پینٹ کی جیب سے ہاتھ نکال کر اسکی انگلی میں اپنی انگلی پھنسا کر نیچی کی پھر اسکی آنکھوں میں دیکھ کر بولا

"دِل پہ اختیار نہیں ہے تم زُبان سنبھالنے کا کہہ رہی ہو....." "اب ازلان نے اسکی انگلی کو دیکھ اور کہا....

"اور اِس ہاتھ نے ایک اور جُرت کر لی ہے... کیوں خود کے لیئے مشکلیں بڑھا رہی ہو....."

ازلان کی انگلی ابھی بھی آفریں کی انگلی میں پھنسی ہوئی تھی

آفریں دنگ ہو کر رہ گئی تھی وہ نہیں سمجھ پا رہی تھی کہ یہ انسان آخر چاہتا کیا ہے آفرین نے اپنی انگلی چھڑوانے کی کوشش کی جو اس مضبوط انگلی میں پھنسی ہوئی تھی وہ انگلی نکالنے سے ناکام ہوئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان نے اسکی کوششوں کو دیکھ کر خود ہی اسکی انگلی کو آزاد کیا اور پھر سے محبت بھری نظروں سے اسی کو دیکھ رہا تھا

"آفی گاڑی آچکی ہے چلیں....."

ڈرائیور گاڑی لیکے آچکا تھا یہ دیکھ کر حفسہ نے آفریں کو جلدی سے بولا وہ جلد از جلد یہان سے جانا چاہتی تھی

"آئی ہیٹ یو....."

آفرین غصے سے دانت پیستی ہوئی ازلان سے کہہ کر گاڑی میں بیٹھ گئی اور ازلان نے ان آنکھوں میں اپنے لیئے نفرت دیکھی تو اسکا دِل ڈوبنے لگا تھا اس سے برداشت نہیں ہوا یہ سب پر اسکو برداشت کرنا تھا ہر حال میں وہ ضبط کیئے ہوئے گاڑی میں بیٹھ گیا

.

.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گھر آیا تو عظمہ لاؤنج میں بیٹھی ہوئے طارق کی فوٹو ہاتھ میں لیئے اسی کو دیکھ رہی تھی

ازلان کا وہ گھر ان ماں بیٹے کے لیئے بہت بڑا تھا اور اس ٹوٹے پھوٹے گھر سے کافی خوبصورت تھا جو کے ازلان کو اسکی محنت کا پھل ملا تھا

ازلان نے ماں کو ایسے دیکھا تو ان کے ساتھ صوفے پہ بیٹھ گیا

"کیا ہوا بابا کو یاد کر رہیں ہیں؟....."

ازلان نے اپنے باپ کی تصویر پر نظر جمع کر کہا جو کہ عظمہ کے ھاتھ مین تھی

"ہاں انہی کو یاد کر رہی ہوں.... دیکھا ازلان طارق کہا کرتے تھے نا کے انکا یہ بیٹا بہت قابل ہے دیکھو آج انکا یقین سچ ثابت ہو گیا... تم اپنے پیروں پر کھڑے ہو گئے ہو.. آج اگر وہ ہوتے نا تو تمہیں ایسے کمیاب دیکھ کر بہت خوش ہوتے...."""

عظمہ طارق کی باتیں دوہراتی اپنے اس قابل بیٹے کو دیکھتی ہوئی بولی اسکی آنکھیں نم تھی اسنے اپنی محبت کو اس آگ میں جلتے دیکھا تھا وہ پل پل طارق کو یاد کرتے تو گزارا کرتی تھی...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"امی آپ رَو کیوں رہی ہیں اور بابا ہمارے ساتھ ہی تو ہیں ہماری یادوں میں ہمارے دلوں میں اور میں کامیابیوں کی سیڑھیاں چلنے لگا ہوں تو دکھنا ایک دن وہ بھی دن آئیگا جب پھر سے لوگ آپکو اور مجھ کو بابا کا نام سے جانے گے.. ایک ایسا دن جب میں میر ازلان حسن کہلاونگا اور آپ عظمی طارق....."

وہ عظمہ کی آنکھوں سے آنسو صاف کرتا ہوا آنکھوں میں چمک لیئے بولا

"مجھے تم پر یقین ہے ازلان.... تم سب ٹھیک کر دو گے اور یقینا طارق کو بھی تم پر فخر ہو رہا ہو گا...."""

عظمہ اس کے گل پر ہاتھ رکھتی بولی

"نہیں امی ابھی نہیں... فخر تو وہ تب کرینگے جب اس فیضان کی زندگی نرخ سے بھی زیادہ بدتر بنالونگا میں....."""

وہ اس بار آنکھوں میں نفرت لیئے عزمہ کو بنا تاثر دیکھتے ہوئے بولا

عظمہ پھر سے اسکی یہی بات سن کر خفا ہو گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہیں ازلان وہ اِس بات پر فخر نہیں کرینگے کیوں کہ انہوں نے بھی اپنے بھائی کے لیئے کبھی برا کرنے کا نہیں سوچا اور تم نے اگر بدلہ لیا تو اس فیضان اور تم میں فرق ہی کیا رہ جائے گا اور غزل کا اور اُس کے بچون کا بھی کچھ خیال کرلو...."""

عظمہ نے پھر سے اسکو سمجھانا چاہا وہ نہیں چاہتی تھی کہ اِس بدلے کی آگ میں اسکی بہن غزل کا گھر برباد ہو جائے

ازلان نے جیسے ہی عظمہ کے منہ سے فیضان کے بچو والی بات سنی تو اسکو پہلا خیال آفریں کا ہی آیا لیکن ازلان کو اپنی دادی سے کیا ہوا وعدہ بھی تو نبھانا تھا

"اُس کے بچون کو بھی تو علم ہونا چاہیئے کہ انکا باپ ایک قاتل ہے....."""

ازلان نے عظمہ کو جواب دیا

"مجھے مار دو تم ازلان پھر جو کرنا چاہو کرنا تم....."""

عظمہ ازلان کی ضد سے خفا ہوتے ہوئے بولی اور اٹھ کر کمرے کی جانب بڑھ دی

"آپ نے کھانا کھایا ہے؟....."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان نے اسکو جاتے ہوئے دیکھا تو پوچھا

"کھالو تم کچن میں پڑا ہوا ہے..."""

عظمہ نے بنا مڑے کہا

"اچھا نا امی آپ ناراض کیوں ہو رہی ہیں؟ اور آپ نے کھانا نہیں کھایا تو میں بھی نہیں کھانے والا....."""

اب ازلان ان کو مجبور کرنے کی کوشش کر رہا تھا جانتا تھا اسنے پھر سے عظمہ کو ناراض کر دیا ہے ھمیشہ کی طرح

"ازلان بہت ضدی ہو تم...."""

عظمی خفا ہوتے ہوئے کچن میں چلی گئی

_____

.

.

ازلان عظمہ کے ساتھ کھانا کھا کر اپنے کمرے میں گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

درمیانے سائیز کا کمرہ نہ زیادہ چھوٹا نہ بڑا..

ایسی چل رہی تھی جس نے کمرے کو ٹھنڈک بخشی ہوئی تھی

کمرے میں ابھی بھی اسنے اندھیرا کیا ہوا تھا

وہ بیڈ پر جا کر بیٹھ گیا اپنا گٹار اٹھایا...

اب اسنے اپنی انگلیاں گٹار پہ چلانی شروع کر دی اور ایک میٹھی سی دھن اس اندھیرے کمری میں گونجنے لگی اور اسی دھن کے ساتھ آفریں کی آنکھیں اُس کے سامنے آنے لگیں وہ آنکھیں بند کیئے ان میں کھو گیا اور دھن بجاتا رہا

اسکے دماغ مین ایک بات سو جھی تو گٹار سائیڈ پر رکھتا ہوا اپنی موبائل جیب سے نکالی اور آفرین کا نمبر ملایا...

پہلی رنگ پر کال نہیں اٹھائی گئی اسنے دوبارہ کوشش کی تو کال اٹینڈ ہو گئی تھی پر کال پر آفرین خاموش رہی کہ پتا نہیں کس کا نمبر ہے جو بار بار کال کیئے جا رہا ہے

"ہیلو آفرین؟؟؟...."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان نے شروعات کی

آفرین اسکی آواز کو پہچان نہیں پائی کہ وہ ازلان ہی ہو گا

"آپ کون بات کر رہیں ہیں؟....."""

آفرین نے الٹا اس سے سوال کیا

"مین وہ ہی جس کو آپ کچھ دیر پہلے آئی ہیٹ یو بول کہ گئین تھیں...."""

آفرین نے پہلے نہ سمجھی سی فون کان سے ھٹائے نمبر دیکھا اور جب اسکو یاد پڑا تو ایک دم سے تیش مین آگئ

"تم کتنے ڈہیٹ، بد تمیز، بد لحاز، اور بے حد ضدی ہو....."""

"ہون تو اتنا نہیں جتنا تم نے کہہ کر بناڈالا...."""

ازلان نے اسکی بات کا جواب بھی دے دیا بڑے تحمل سے

"نمبر کہاں سے ملا تمہین میرا اور کیون کال کر رہے ہو؟؟....."

آفرین نے اس سے وجہ جاننی چاہی...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"وہ میں تمہیں ابھی نہیں بتاؤنگا ابھی یہ بتانے کا وقت نہیں آیا...."""

ازلان اسکو ابھی نہین بتانہ چاہتا تھا کہ وہ اس سے یاد کر رہا تھا ورنہ وہ بیچ میں ہی اسکو بد تمیز سمجھنے لگ جاتی

"رکو تم ایسے نہیں سدھرو گے میں ابو کو فون دیتی ہوں....."""

آفرین نے اسکو دھمکانا بھتر سمجھا

"ہان ہان بسم اللہ دے دو تا کہ بس ڈاریکٹلی انہیں سے بات ہو جائے....."""

ازلان ڈرے بنا مسکراتے بولا

"ڈھیٹ....."""

آفرین اسکو یہ لقب نوازتی ہوئی فون کاٹ گئی..

ازلان مسکراتا رہا

❤❤❤کچھ مہینوں بعد❤❤❤

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

""""..... سر آپ سے کوئی ملنے آیا ہے اور کہہ رہا ہے بہت ضرور بات کرنی ہے"

فیضان آفس میں بیٹھا تھا جب اسکو ریسیپشن سے کال آئی اور کسی کے آنے کی اطلاع دی گئی

"اچھا بلا لو اسکو....."""

فیضان فائل بند کرتے ہوئے بولا اور فون رکھ دیا..

تبھی ایک شخص اندر داخل ہوا فیضان نے اسکو پہلی بار دیکھا تھا

چھ فٹ کا نکلتا قد، کسرتی جسم کا مالک بلیک فل سوٹ...

وہ فیضان کی طرف آیا اور ہاتھ آگے بڑھا کر کہا

"اسلام و علیکم...."

"وعلیکم سلام بیٹھیے آپ....."""

فیضان ہاتھ ملاتا اسکو بیٹھنے کا اشارہ کرتا بولا

"تو میر فیضان حسن کیسے ہیں آپ...."""

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ شخص اپنے دونوں ہاتھ آپس میں جکڑے ٹیبل پر ٹکاتا ہوا بولا

"معاف کیجیئے میں نے آپکو پہچانا نہیں....."

فیضان نے مسکراتے ہوئے کہا

"کیسے پہچانیگے.. آپ مجھے نہیں جانتے لیکن میں آپکو جانتا ہوں بہت اچھے سے...."

اس شخص نے بھی مسکرا کر کہا

"کیسے جانتے ہیں آپ مجھے..."

فیضان کو تجسس ہوا

"تمھارے بھائی کو کس نے مارا تھا....."

اس شخص نے بے تاثر چہرہ لیتے ہوئے کہا

"کیا مطلب ہے تمہارا؟....."

فیضان کے چہرے پر اب ڈر کے رنگ تھے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"حویلی میں آگ تم نے لگوائی تھی نا اس دن...."

اس شخص نے جیسے ہی کہا فیضان کے تن من میں آگ لگ گئی وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور غصے میں آکر کہا

"تم یہ کیسے کہہ سکتی ہو؟ اور ہو کون تم؟؟....."

"میں جو کوئی بھی ہوں تمھارے بارے میں سب جانتا ہوں پر ابھی کے لیئے تم میرا نام جان لو ثمر خان... مجھے ایس کے بھی بلا سکتے ہو تم...."

وہ شخص کرسی پہ بیٹھے بڑے آرام سے بولا

"میں تجھے راتوں رات اٹھوا لونگا..."

فیضان نے اسکو دھمکایا

"نانانا...."

اسنے نفی میں سر ہلایا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میر طارق والی غلطی میرے ساتھ نا کرنا کیوں کہ میری ابھی جتنی واقفیت ہے نا اگر تم نے مجھے چھوڑا بھی تو تمھارے لیئے مصیبت کھڑی ہو جائیگی اور ہر بار قسمت تمھارا ساتھ تھوڑی دے گی.. پچھلی بار بھت اسانی سے بچ گئے تم پر اس بار نہیں...."""

ثمر اسکو ایسے سمجھا رہا تھا جیسے کسی چھوٹے بچے کو سمجھایا جاتا ہو

"کیا چاہیئے تمہیں؟....."

فیضان مدعے پر آیا....اس وقت تو اسکو جو کرنا پڑتا وہ کر گزرتا...اس کو زرا سا بھی اندازہ نہ تھا کہ اتنے سالون بعد وہی بات اس پر پھر سے کھلے گی.. فیضان کو تو اپنے ہستے بستے گھر کی فکر ستانے لگ گئی

"اب آیا نا تو اصلی بات پر، کان کھول کر سن لو.. مجھے تمھاری کمپنی مین فیفٹی پرسنٹ کا حصہ چاہیئے مطلب آدھی کمپنی کا مین مالک اور میرے ساتھ کوئی چلاکی مت کرنا، تمھاری ہر حرکت پر نظر ہو گی ایس کے کی..."""

ثمر تحمل سے بولا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آدھی کمپنی؟تم پاگل تو نہیں ہو گئے؟مین ایسا نہیں کرونگا..."""

فیضان چہرے پہ آتے پسینے کو صاف کرتا بولا

"نہیں کرے گا تو تجھے برباد کرنے کے میرے پاس کئی راستے ہیں..کورٹ کچیری،یا پھر تیرے گھر کا بھی اڈریس پتا ہے مجھے... تیرا بیٹا بھی یہیں کام کرتا ہے نہ اسکے پاس چلا جاؤں کیا؟....."

ثمر نے بڑے احترام سے اس سے اجازت مانگی

"فیضان کی پریشانی بڑھ گئی..کیون کہ یہ شخص اس کے بارے مین بہت کچھ جانتا تھا....."

"اچھا ٹھیک ہے..کچھ دن لگینگے پیپرس وغیرہ تیار کرنے مین..کر دونگا نام تمھارے..."

"پیپرس مین خود ہی تیار کروالونگا بس تجھ سے سائین مانگنے آؤنگا.."

ثمر یہ کہتا ہوا سیٹ سے اٹھا اور اپنے کوٹ کا بٹن بند کرتا فیضان کی آفس سے چلا گیا

فیضان نے غصے میں آکر وہاں کی کئی چیزیں توڑ ڈالیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان آفس کے کام سے دبئ گیا ہوا تھا کچھ مہینون تک اور اپنے ایک خاص بندے سے فیضان کے گھر کی ہر معلومات رکھی تھی

اور اس بندے کے ذریعے اسکو یہ بھی پتہ لگ گیا تھا کہ آفریں دانیال کی منگ ہے اور دانیال اسکی پھوپھی نادیہ کا بیٹا ہے..

فہیم غزل سب کی معلومات رکھوائی تھی ازلان نے..

ازلان کو جب پتہ لگا کہ آفریں اور دانیال کی منگنی ہو گئی ہے تو اسکو بہت غصہ آیا پر اسنے ضبط کیا اور یہ سوچتا کے ابھی نکاح وغیرہ نہیں ہوا باقی کا کام اسکو پاکستان جا کر کرنا تھا

اب وہ وہاں سے لوٹ کر آیا تھا

اور بیڈ پر لیٹا ہوا سگریٹ پیتا اپنے خاص بندے کو کال ملانے لگا

"ہاں کال کر رہے تھے تم؟ میں تھوڑا بزی تھا اسلیئے ابھی ٹائم ملا ہے...."""

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ازلان تجھے یہ بتانا تھا کہ ایک ہفتے بعد فیضان نے اپنی بیٹی اور بیٹے کی شادی کے فنکشنز رکھیں ہیں..."""

ازلان کے کانوں میں جیسے ہی یہ جملے پڑے تو اسکو آگ لگ گئی..پیشانی پر بل پڑے

"ٹھیک ہے میں کچھ کرتا ہوں..."""

ازلان نے یہ کہہ کر فون رکھ دیا

"فیضان تجھے تو میں دیکھ لونگا..."""

وہ سگریٹ پیتا ہوا خود سے مخاطب ہوا

اور کچھ سوچنے لگا کیوں کہ اسکو اب جو بھی کرنا تھا جلد از جلد کرنا تھا

.

.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آفریں لان میں بیٹھی ہوئی پھول توڑ رہی تھی پلین سبز گھٹنوں سے اوپر آتی کرتی جس پہ ہم رنگ چوڑی پجاما پہنا ہوا تھا اور لانگ سویٹر پہنے بال کھلے ہوئے تھے جو کہ تھوڑے سے گیلے ہو رکھے تھے وہ ابھی ابھی نہا کر لان میں دھوپ لینے آئی تھی اب اسکی ڈریسنگ میں پہلے سے زیادہ سدھار آچکا تھا...

چہرے پہ خوشی اور اطمینان کے رنگ بکھرے ہوے تھے ناک اور گال سرخ ہوئے رکھے تھے....ناک سردی کی وجہ سے اور گال پیا کے ملن کی وجہ سے...

چمکتی ہوئی دھوپ اس خوبصورت سراپے پر پڑ رہی تھی اور اسکو اِس سردی میں یہ دھوپ اچھی لگ رہی تھی وہ لان کی گھاس پر بیٹھے پھول چن رہی تھی اور اب اسکو کوئی کھلا ہوا پھول نہیں مل رہا تھا جو کہ پورا اگ گیا ہو سب ہی چھوٹے چھوٹے پھول تھے جو ابھی ٹھیک طرح سے کھلے بھی نہیں تھے اور سردیون کی وجہ سے کافی پھول پودھے سوکھ گئے تھے..

پھر بھی وہ لان مین ایک الگ سی کشش پہلائے ہوئے تھے

وہ دھوپ کی وجہ سے آنکھیں سکوڑتی منہ بنانے لگی اور نظریں پھول کی تلاش میں تھی

جب اچانک سے پیچھے آتے کسی وجود نے اسکی آنکھوں پر اپنے ہاتھ رکھ دیئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"فہیم بھائی یہ آپ ہیں نا؟....."

آفریں نے بنا اُس کے ھاتھوں کو چووے اندازہ لگایا

اس وجود نے اپنے ہاتھ ھٹائے اسکی آنکھوں سے اور جیسے ہی آفریں نے رخ موڑا اُس کے چہرے پہ پھول نا ملنے کی خفگی کی جگہ اب خوشی اور حیرت کے ملے جلے تاثرات نے لے لی کیوں کہ وہ دونوں اس بار ڈیڈھ ماہا بعد ملے تھے شادی قریب ہونے کی وجہ سے زرمینا بیگم نے آفریں دانیال اور فہیم حفسہ کا ملنا بند رکھا تھا

"دانی تم یہاں کیسے ؟....."

آفریں نے بے جا کہا

بلیک پینٹ، بلیو شرٹ اور وائٹ جیکٹ پہنے لبوں پہ وہ ہی مسکان اور آنکھوں میں شرارت

دانیال کا چہرہ دیکھ کر اسکو خوشی ہوئی اور اسکو بیباک سی دیکھنے لگی...

"شہ.... دھیرے بولو نانو نے دیکھ لیا تو میری تم سے شادی ہی نہیں ہونے دینگی...."""

دانیال اپنے ہی لبوں پہ انگلی رکھتا ہوا زرمینا بیگم سے ڈرتا ہوا بولا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اب نانو تو کیا کوئی بھی چیز تم سے میری شادی نہیں روک سکتی...."""

آفریں آنکھوں میں خوشی لیتی ہوئی بولی

"اچھا جی؟ لیکن ایک چیز روک سکتی ہے....."""

دانیال آفریں کے ساتھ گھاس پر بیٹھا اور

دانیال نے پریشانی کی ایکٹنگ کرتے ہوئے کہا

"کونسی چیز دانی؟....."

آفریں نے ناسمجھی سے سوال کیا

"موت....." دانیال نے مسکراتے کہا

"دانی خبردار جو آئیندہ تم نے اپنے بندروں جیسے منہ سے اسی بات کی تو..."""

آفریں کے دِل میں اسکی بات سن کر خوف سا پیدا ہوا تو وہ دانیال کو ڈانٹتی ہوئی بولی

"آفی ہونے کو تو کچھ بھی ہو سکتا ہے نا؟....."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دانیال نے کندھے اچکا کر کہا اسکو آفریں کو تنگ کرنے میں مزا آرہا تھا

"چلے جاؤ یہاں سے.....""

آفریں نے وہاں گھاس پہ بیٹھتے ہی اپنا رخ پھر سے پھولوں کی طرف پھیر اوہ اس سے ناراض ہو گئی...

دانیال اُس کی ناراضگی کے اندازِ پہ مسکرایا اور ایک کونے میں لگے ہوئے سورج مکھی پہ دھیان گیا تو وہ اٹھ کر وہ توڑنے گیا آفریں کو لگا وہ واقعی چلا گیا ہے اور منہ بناتی پھر سے پھول کی تلاش میں لگ گئی

دانیال اُس کے پیچھے بیٹھا اور پھول اسکے بالوں میں لگایا

آفریں نے اسکو دیکھا پر ناراضگی ابھی بھی اُس کے چہرے پر نمایاں تھی

"اِس سورج مکھی کی طرح ہو تم بھی آفی... اتنی خوبصورت کھلی ہوئی جو دیکھے بس دیکھتا ہی رہ جائے اور میں اِس پھول کی خوشبو کی طرح ہمیشہ تمھارے پاس رہو نگا..."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دانیال بیٹھتا ہوا اپنی دونوں بازو اپنے پیچھے زمین پہ ٹکاتا ٹانگیں لمبی کیئے آفریں کو دیکھتا ہوا بولا جو کہ اسی کو دیکھ کر مسکرا رہی تھی

"اور آفی کبھی بھی تمہیں میری کمی محسوس ہو تو اِس پھول کی خوشبو سونگھ لینا تمہیں میری موجودگی کا احساس ضرور ہو گا..."""

اب دانیال کے چہرے پر شرارت امڈ آئی

"یہ تم کیسے کہہ سکتے ہو؟...."

آفریں کو شبہ ہوا اسکا شرارتی چہرہ دیکھ کر تو نا سمجھنے والی نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھا

"کیوں کہ میں سورج مکھی کی ہی خوشبو والی پرفیوم یوز کرتا ہوں..."""

دانیال نے آنکھ مارتے ہوئے کہا

آفریں اسکی بات پر دھیما سا ہنس پڑی اور ہنسی دبائے اسکو گھور کر کہنے لگی

"بندر ہی رہنا تم، کبھی ڈھنگ کی بات نا کرنا..."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ڈھنگ کی بات کرتا تو یہ خوبصورت ہنسی دیکھنے کو تھوڑی ملتی جس کو میں بہت مس کر رہا تھا....."

دانیال نے اُس کے مسکراتی لبوں پر نظر ٹکاتے ہوئے کہا

"دانی تم بھی نا...."""

آفریں اُس کے یوں دیکھنے سے شرما گئی اور سورج مکھی کو سونگتی ہوئی بولی جو کہ اسنے اپنے بالون سے نکال دیا تھا

"دانیال بیٹا....."""

غزل کی آواز ان دونوں کو سنائی دی

دانیال اسکی آواز سن کر جلدی سے اٹھا

"یار مٹھائی دینے کے بہانے آیا تھا اور مامی کو واشروم کا کہ کر ادھر آگیا..شاید مجھے ہی ڈھونڈ رہی ہیں چلتا ہوں....."""

دانیال تیزی سے بولتا گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ٹھیک ہے اللہ حافظ..."""

آفریں سورج مکھی کو سونگھتے ہوئے دھیرے سے بولی

"ابھی سے میری کمی محسوس ہونی لگ گئی کیا؟بس کچھ دن اور صبر بے بی پھر ہمیشہ تم میری پاس ہی ہو گی..."؟

دانیال نے اسکو سورج مکھی سونگھتے دیکھا تو شرارت سے بولتا ہوا چلا گیا

"بندر....."""

آفریں نے مسکرا کر سر جھٹکا اور پھول اپنی پھولوں کی ٹوکری میں رکھا آخر ایک پھول تو اسکی ٹوکری میں آ ہی گیا تھا

آج آفرین کی مہندی تھی جو کہ فیضان کے لان میں رکھی گئی تھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیچھ میں ایک بڑا صوفے کی سائز جتنا لکڑی کا جھولا پڑا تھا جو پورا گیندے اور چنبیلی کے پھولوں کی لڑیون سے سجایا گیا تھا اور لڑیوں کے بیچھ بیچھ میں سنہیری چوٹی سی بتیان چمک رہیں تھیں..

جنہونے جھولے کی خوبصورتی بڑھادی تھی

پورے لان کی سجاوٹ گیندے، چنبیلی اور پیلے پردو کی گئی تھی اور رنگین لڑیاں جن میں سے پھول لٹک رہے اس سے چھت بنی ہوئی تھی آج فیضان کا لان جگمگا رہا تھا

آفریں جھولے پہ بیٹھی ہوئی بیلو حالف سلیوس بنارسی کی چولی اور اور پنک گرین کا میننیشن کے گرارے میں ملبوس تھی

زیور کے نام پر چنبیلی کے پھولوں کا بنا ہوا ٹیکہ کانوں میں بھی پھولوں کی ڈیزائن کی بالیاں اور ھاتھوں میں چنبیلی کے پھولوں کے کنگن جن کے بیچ میں گلاب لگا ہوا تھا، پہن رکھا تھا

میک اپ بھی بالکل مختصر سا کیا ہوا تھا وہ کوئی نازک سی پری لگ رہی تھی

ادھر دانیال کے گھر میں بھی عورتیں مل کر دانیال کی رسم کر رہیں تھیں...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور کل فہیم اور حفسہ کی مہندی کا فنکشن رکھا گیا تھا اسلیئے حفسہ آفریں کی مہندی میں نہیں آسکتی تھی اور ناہی آفریں جاسکتی تھی اسکی مہندی پر

سب پڑوس کی لڑکیاں اور آفریں کی سہیلیاں ڈھول بجائے گانے گا رہی تھیں گانے کی ٹانگ توڑنے میں کوئی کسر نہین چھوڑی لڑکیون نے

آفریں دونوں باہین پھیلائے مہندی لگا رہی تھی..

اور مسکراتی ہوئی اس ماحول سے لطف و انداز ہو رہی تھی..

"آفرین نام لکھوانا نہ بھولنا دانیال بھائی کا....."

آفرین کی سہیلی نینا نے ہانک لگائی تو سب لڑکیان ہنس پڑیں.. آفرین بھی مسکرادی

"اور ہمین بھول مت جانا ایسا نہ کہ سسرال کی ہی ہو کر رہ جاؤ..."

فضاء بھی بول پڑی

"نہیں بھولون گی تم لوگون کو فکر نہ کرو..."

آفرین سر جھٹکتی مسکراتی بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یار تم آمنہ کو بھی لے ہی جاؤ نہ اپنے ساتھ سسرال..."

کومل معنی خیزی سے آمنہ کو دیکھتی بولی جو منہ لٹکائے بیٹھی تھی.. سب کے ایک بار پھر قہقہے بلند ہوئے..

"ہاں ہاں کیوں یہ نہیں چاہے تو دلہن بھی اسکو بنا کر بیٹھ جاؤن..."

آفرین شرارت سے تھوڑا دھیمہ بولی

"آفرین سچ کہہ رہی ہو....."

آمنہ خوش ہوتی بولی

"یہ تو بٹھالے تمہین پر دانیال بھی تو تمہیں ایکسپٹ کرے نہ....."

فضاء کومل کے ھاٹھ پر تالی مارتی بولی

سب جہان سب ہنسے وہیں آمنہ کا چہرہ بھی لٹک گیا

"بھاڑ مین جائے کمبخت مجھے تو منہ ہی نہیں لگاتا تھا، بس مین اپنی دوست آفرین کی خوشی مین خوش ہوں....."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آمنہ ہاتھ جھٹکی ہوئی بولی.....

"دل پہ پتھر رکھ کہہ رہی ہو نہ دوست؟ مین تمھارا دکھ سمجھ سکتی ہوں....""""

کومل اسکے شانے پہ ھاتھ رکھتی ہوئی دکھی شکل بناتی بولی

سب کے قہقہے ایک بار پھر فضا مین گونجے

"کل چلی جانا اس کمبخت کو دیکھنے.. حفسہ کی مہیندی پر...."""

آفرین رازداری کے انداز میں اسکو مشورہ دیتی بولی

"یہ تو میں نے سوچا ہی نہیں.. چلو اسی بھانے اسکو دیکھ تو لونگی....."""

آمنہ چہکتی ہوئی بولی....

"ہائی آفی کیسی دلہن ہو اپنے ہونے والے شوہر کی سیٹنگ کروانے پہ تلی ہوئی ہو.. کالج کی بات الگ تھی اب تو تمھارا منگیتر ہے...."""

فضاء آفرین کے ساتھ بیٹھتی ہوئی حیرت سے بولی...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" کچھ بھی کرلے اب ہونا تو اسکو میرا ہی ہے نہ ویسے بھی.. ابھی کرلے مزے کیا یاد رکھے گا....."""

آفرین مزاق کرتی ہوئی اترا کر بولی تو سب کی "اووہوو" کی بلند باک آواز گونجی....

مہیندی کا فنکشن ختم ہو چکا تھا

ایک بج رہا تھا.. باقی سب بھی چلے گئے تھے اور گھر کے سب ہی افراد کاموں سے تھک ہار کر اپنے کمروں میں سوئے ہوئے تھے

آفریں ہی بس جاگ رہی تھی آفریں کی باہیں مہندی سے بھری ہوئی تھی غزل نے اسکو دھونے کو کہا تھا لیکن وہ نہیں دھو رہی تھی کے گہرا رنگ چڑے..

آفریں مہندی سے بھری ہوئی باہیں لے کے اپنے کمری میں آئی اور بچتی بچاتی کہ مہندی خرب نا ہو، ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی ہو گئی اور خود کا عکس دیکھنے لگی

اچانک اسکو اپنے کمری کی لان کی طرف والی کھڑکی کے بند ہونے کی آواز آئی اسنے چونک کر کھڑکی کی طرف دیکھا اور جس شخص کو دیکھا تھا اسکا سانس ہلق مین ہی اٹک گیا اسکو دیکھ کر..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ وہ اِدَھر بھی آئیگا آفریں کا دِل زور سے دھڑکنے لگا وہ ٹکر ٹکر بنا پلک جھپکے اسی کو دیکھ رہی تھی

سنہری داڑھی جو اب تھوڑی سے بڑی ہوئی تھی وہ ہی سنجیدہ چہرا اور بھوری آنکھوں میں سنجیدگی گولڈن برائون بال ماتھے پہ گرتے ہوئے

بلیک پینٹ بلیک شرٹ اور بلیک ہی جیکٹ پہنے وہ آفرین کو ہی دیکھ رہا تھا

آفرین کو اِس بار بھی وہ غنڈا ہی لگا... جب کہ اِس بار اسنے کوئی غنڈون جیسا گیٹ اپ نہیں کیا تھا بس ان دو کالی اور سبز بینڈس کے علاوہ جس سے آفریں اسکو غنڈا سمجھتی تھی.... وہ ازلان ہی تھا.....

وہ اب اسی کی طرف آھستہ آھستہ قدم بڑھا رہا تھا اور آفرین اپنے قدم پیچھے ہٹا رہی تھی

آفریں کے کمرے میں ایک لیمپ کے سوا کچھ نہیں جل رہا تھا جس کی وجہ سے ہلکا ہلکا اندھیرا تھا اور کھڑکی دروازے بھی سب بند تھے

آفریں کو اپنا دِل بند ہوتا محسوس ہوا اسکی ھمت نہیں ہو رہی تھی کے وہ کچھ بول سکے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ پیچھے ہٹتی ہٹتی دیوار سے جا لگی اور اب اُس کے پاس اور پیچھے ہٹنے کا رستہ نہیں بچا تھا اسنے لیفٹ سائڈ سے نکلنے کی کوشش کی ازلان نے ہاتھ دیوار پر رکھ کر اسکا رستہ روکا اور اب یہ کوشش رائٹ سائیڈ سے کی گئی، ازلان نے دوسرا ھاتھ بھی دیوار پر رکھا

اور اب دونوں کی نظریں ایک دوسرے سے ملیں تو بلا آخر آفریں کے لبوں نے حَرکَت کی اور اپنا ڈر چھپاتی ہوئی بولی

"ت تہ.... تم یہاں کیسے ؟"

آفریں کی آواز گلے سے اٹکی ہوئی نکلی

"پائیپ سے...."""

ازلان نے چہرے پہ بنا کوئی تاثر لیئے جواب دیا

"کیوں آئے ہو؟....."""

آفریں اسکو غصے سے دیکھتی ہوئی بولی

"تمہیں یہ کہنے کے اِس شادی سے انکار کر دو....."""

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان نے بھی اسکی آنکھوں میں دیکھ کر کہا

وہ آنکھیں جھکا گئی اور بولی

"یہ کیا کہہ رہے ہو تم؟....."

"وہ ہی جو تم نے سنا....."

ازلان نے اسکی اگے کو آتی لٹ کو انگلی سے پرے ھٹاتے ٹھہرے ہوئے لہجہ میں کہا

"میں ایسا نہیں کروں گی...."

آفریں نے چہرہ دوسری سائیڈ کیا کہ لٹ اسکی انگلی سے نکلے کیوں کہ اس کے دونوں ھاتھون میں مہندی تھی

"نہیں کرو گی تو پچتاؤ گی....."

ازلان نے اسکی آنکھوں میں دیکھنے کی کوشش کی جو چہرہ سائیڈ پر ہونے کی وجہ سے اسکو نہیں دِکھ رہی تھی

"تم آخر کون ہو؟ اور کیا چاہتے ہو؟ کیون میری زندگی عذاب بنائی ہوئی ہے....."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آفریں اب اسکی حرکتوں سے سہم گئی تھی اور جلد ہی سے جان چھڑوانے کے لیئے سیدھا اس سے وجہ جاننی چاہی...

"میں تمہارا نصیب ہوں اور تمہیں چاہتا ہوں....."

ازلان نے اُس کے چہرے کے سامنے چہرہ کر کے سرگوشی کی اور دونوں سوالوں کا جواب دے دیا..جب کہ تیسرے کو اگنور کر دیا

آفرین نے ڈَر کر اپنی آنکھیں میچ لی اسکا دِل زور سے دھڑک رہا تھا

"ڈرو مت جا رہا ہوں بس ایک کام کر لوں جو کہ کرنے آیا تھا...."

ازلان نے یہ کہتے ہی سائیڈ ٹیبل پر پڑی ہوئی مہندی اٹھالی

آفریں نا سمجھنے والے انداز میں اسکو دیکھ رہی تھی

ازلان نے پہلے اُس کے ھاتھوں کو دیکھا اور اسکی مہندی کی پرواکیئے بغیر اسکا ہاتھ پکڑا اور کچھ تلاش کرنے لگا اسکو "دانیال" کا نام مل نظر مین اگیا اسنے اسکو آنگھوٹے سے مٹایا اور آفریں اپنا ہاتھ اسکے ہاتھ سے چھڑوانے کی ناکام کوشش کیئے جا رہی تھی پر ازلان کو پروا نا تھی اب ازلان

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نے دانیال کی جگہ "A" لکھ دیا آفریں کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئی اسکی حرکت پر اور ازلان نے اسکا ہاتھ چھوڑتے ہوئے آفریں کو دیکھا جو آنکھیں پھاڑے حیرت سے اسی کو دیکھ رہی تھی

"یہاں نظر نہین آرہا نہ....."""

ازلان نے مزے آنے والے اندازِ میں کہا کیوں کہ مہندی کا رنگ پکا ہونے کی وجہ سے اسکا نام ٹھیک طرح سے واضع نہیں ہو رہا تھا تو اسنے اپنا ایک ہاتھ دیوار پہ رکھا اور اپنی نظریں آفریں کے گال پر ٹکائین اور اس پہ مہندی کی نوک رکھتا ہوا اسکو گردن تک سرکانے لگا آفریں نے اپنی آنکھیں بے بسی سے میچ لی اور اسکو اپنی گردن پر مہندی کی نوک محسوس ہوئی تو آفرین نے یکدم سے اسکا ہاتھ جھٹک ڈَلا...

ازلان اب اسے دور ہٹا اور سامنے سائیڈ ٹیبل سے ٹشو باکس سے ٹشو اٹھائے اور انگلیاں صاف کر کے ٹشو وہیں پھینک دیا

"اب تم پہ.... میری مہندی کا رنگ چڑھے گا اور اُس کے بعد تم خود ہی میرے رنگ میں رنگ جاؤ گی... تم صرف میری ہو اور تمہیں پانے کے لیئے مجھے جس حد تک جانا پڑے میں جاؤنگا اور یاد رکھنا ایک دن ان جھیل سی آنکھوں میں صرف میرا عکس ہو گا...."""

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujy Ishq Tera Lay Doba | By Yusra Shah (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان اسکو اپنی نظروں میں سماتا ہوا بولا

"تمھاری یہ گھٹیا سی خواہش کبھی پوری نہیں ہو گی...."

آفرین لال آنکھون سے اسکو دیکھتی ہوئی بولی..لہجے میں نفرت عیاں تھی

"اور ہاں ایک بات کان کھول کر سن لو اِس بات کا کسی سے بھی ذکر کیا نہ تو تمھارے ساتھ اچھا نہیں ہو گا، میں تمھارے کمرے تک آسکتا ہوں تو سوچو کیا کچھ نہیں کر سکتا...."""

ازلان اسکو وارننگ دیتا ہوا کھڑکی کی طرف بڑھا اور پائپ کے سہارے اترتا ہوا چلا گیا

آفریں نے اسکو جاتے ہوئے دیکھا تو کھڑکی کے پاس آئی، بنا نیچے دیکھے کھڑکی بند کر دی اب بیڈ پر آکر اپنے چنبیلی کے پھولوں والا ٹیکا اور کنگن بے دردی سے اُتار کر زمین پہ پھینک ڈالے اسکی مہندی کافی حد تک سُوکھ گئی تھی جو کے اتنی خراب نہیں ہوئی تھی بس دانیال کا نام واضع نہین تھا اور اب اسکی جگہ "A" لکھا ہوا تھا

اسکی آنکھوں سے آنسُو موتیوں کی صورت ٹپ ٹپ گرنے لگے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

